تازہ ترین خبروں کیلئے وزٹ کریں www.dailyhimmat.com.pk

اللہ ہی ہے جو عقل شعور اور ہمت عطا کرتا ہے (حدیث)

ABC CERTIFIED

کوئٹہ مستونگ گوادر راولپنڈی اسلام آباد اور چمن سے شائع ہونیوالا کثیر الاشاعت روزنامہ

فون نمبر : 2834643
فیکس نمبر : 2827323

DAILY HIMMAT QUETTA

بانی زمرد حسین (مرحوم)

روزنامہ ہمت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر : نادر حسین زمرد

جلد نمبر 25 | منگل 22 ستمبر 2026ء | 09 ربیع الثانی 1448ھ | قیمت 7 روپے | شمارہ نمبر 342

اسلام آباد پر دھاوا بولنے کی کوشش کی تو سخت نتائج کا سامنا ہوگا، محسن نقوی

لانگ مارچ کی صورت میں اسلام آباد ہائیکورٹ کے احکامات پر من وعن عمل ہوگا اور جو بھی قانونی راستہ ہوگا استعمال کیا جائے گا، کے پی کے کی صورتحال پورا پاکستان دیکھ رہا ہے

خیبر پختونخوا میں شہدا کے جنازوں میں صوبائی حکومت کا کوئی رکن شریک نہیں ہوا، یہ بے حسی ہے۔ سیاسی اختلافات جتنے مرضی ہوں، انہیں اس انتہا تک نہیں لے جانا چاہیے

لاہور (آن لائن) وزیر داخلہ محسن نقوی نے دوٹوک الفاظ میں انتباہ کیا ہے کہ اسلام آباد پر دھاوا بولنے کی کوشش کی تو سخت نتائج کا سامنا کرنا ہوگا خیبر پختونخوا میں سیکیورٹی کی صورتحال سب کے سامنے ہے، گزشتہ چند روز میں دہشتگردی کے واقعات میں کیپٹن، جوان اور پولیس اہلکار شہید ہوئے، جو پاکستان کے شہدا ہیں اور سب کو ان کے جنازوں میں شرکت کرنی چاہیے۔ لاہور میں نیوز کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

جوانوں کا جذبہ دیدنی، ملکر دہشتگردی کے ناسور کو ختم کرکے دم لیں گے، عطا تارڑ

دہشتگردی کے جڑ سے خاتمے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے، کوہاٹ افسوسناک واقعہ کے وقت سہیل آفریدی کہاں تھے؟ خطاب

کرپشن کے نئے ریکارڈ قائم کئے جا رہے ہیں، اسلام آباد کو بند کرنے کی اجازت کسی کو نہیں دی جائے گی

کوہاٹ (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ آج کوہاٹ کی فضاء سوگوار ہے، دھرتی کے بہادر جوانوں نے ملکی دفاع کے لئے جانوں کا نذرانہ پیش کیا، ہی ایم ایچ کوہاٹ میں زیر علاج زخمی جوانوں کا جذبہ دیدنی ہے، دہشت گردی کے جڑ سے خاتمے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے، کوہاٹ افسوسناک واقعہ کے وقت وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کہاں

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل سے وائس چانسلر گوادر یونیورسٹی ملاقات کر رہے ہیں

محسن نقوی اہم دورے پر تہران روانہ، ایرانی قیادت سے اہم مذاکرات متوقع

دورے کے دوران خطے بالخصوص مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا جائے گا

وزیر داخلہ اپنے ایرانی ہم منصب کے علاوہ پاسدارانِ انقلاب کے اعلیٰ حکام سے بھی ملاقاتیں کریں گے، دورہ انتہائی اہم قرار دیا جا رہا ہے

اسلام آباد/تہران (آن لائن) وزیر داخلہ محسن نقوی دو روزہ دورے پر تہران روانہ ہوگئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق اس دورے کے دوران وزیر داخلہ ایران کی اعلیٰ ترین سیاسی اور عسکری قیادت سے ملاقاتیں کریں گے، جن میں خطے کی موجودہ صورتحال اور

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم کشمیر اور فلسطین کے مسائل کو اجاگر کریں گے، عاصم افتخار

شہباز شریف کی تقریر میں کثیر الجہتی تعاون، موسمیاتی تبدیلی اور موجودہ عالمی صورتحال بھی شامل ہوگی

نیویارک (آن لائن) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب سفیر عاصم افتخار احمد نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اسحاق ڈار اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس میں شرکت کے لیے نیویارک پہنچ گئے

اسلام آباد/نیویارک (آن لائن) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اقوام متحدہ کی جنرل

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان کی افغان سرحدی علاقوں میں کارروائی، 28 دہشتگرد ہلاک

کوہاٹ، ہنگو اور تھل کے گردونواح میں انٹیلی جنس بیسڈ گراؤنڈ آپریشنز اور ہدف پر مبنی فضائی کارروائی، 9 خارجی ہلاک اور کئی زخمی، آپریشن میں متعدد خودکش بمبار بھی ہلاک

خوارج اور ان سے منسلک گروہوں کے 3 اہم مراکز و ہائیڈ آؤٹس اور خودکش بمباروں کا ٹریننگ مرکز تباہ کر دیا گیا، دہشتگردی کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، حکومتی ترجمان

اسلام آباد (آن لائن) خیبر پختونخوا میں حالیہ دہشتگردی کے واقعات کے جواب میں سیکیورٹی فورسز کی افغان سرحدی علاقے میں کی گئی کارروائی کے دوران 28 دہشت گرد، بشمول متعدد خودکش بمبار ہلاک ہوگئے۔ کوہاٹ، ہنگو اور تھل کے ہدف پر مبنی فضائی کارروائی کی جن میں 9 خارجی ہلاک اور کئی زخمی ہوگئے، خوارج اور ان سے منسلک گروہوں کے 3 اہم مراکز و ہائیڈ آؤٹس اور خودکش گردونواح میں انٹیلی جنس بیسڈ گراؤنڈ آپریشنز اور

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

آن لائن معیشت کو ٹیکس نظام کا حصہ بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، شعیب نوشیروانی

بلوچستان میں ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنا، ٹیکس وصولی کے نظام کو شفاف بنانا اور کاروباری سرگرمیوں کو دستاویزی شکل دینا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے

گوادر میں ریونیو اتھارٹی کا دفتر فعال کر دیا ہے، گردونواح میں ٹیکس سے متعلق امور کی نگرانی اور ٹیکس دہندگان کو خدمات کی فراہمی میں مزید بہتری آئیگی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات میر شعیب نوشیروانی کی زیر صدارت بلوچستان ریونیو

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ہم محاذوں پر دوبارہ کنٹرول حاصل کرلیا ہے، یمنی حکومت کا دعویٰ

مکہ مکرمہ پر حملے کو فضائی دفاعی نظام نے ناکام بنادیا تھا، حوثیوں نے حملے کے الزام کو مسترد کر دیا تھا

صنعاء (این این آئی) یمن میں حکومتی فورسز نے

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

مذاکرات کیلئے دروازے کھلے ہیں، علامہ ناصر

اسلام آباد (آن لائن) سینٹ اپوزیشن لیڈر علامہ

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان، سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں، 4 دہشتگرد ہلاک، 58 افغان باشندے گرفتار

کارروائی کے دوران سیکیورٹی فورسز اور علاقے میں موجود دہشت گردوں کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا، بھاری مقدار میں اسلحہ برآمد

دشت میرانی میں خواتین اور بچوں سمیت 58 غیر قانونی افغان باشندے حراست میں لئے گئے، کارروائیاں جاری رہیں گی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے مختلف علاقوں میں سیکیورٹی فورسز کی دہشت گردی اور غیر قانونی نقل وحرکت کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق پنجگور کے علاقے اچھان کوہ، پردم میں کارروائی کے دوران فتنہ الہندوستان

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزارت صنعت وپیداوار کے متعدد آڈٹ اعتراضات دوبارہ محکمانہ کمیٹی کے سپرد

اسلام آباد (آن لائن) پبلک اکاؤنٹس کی ذیلی کمیٹی نے وزارت صنعت و پیداوار کے متعدد

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

چیف جسٹس سے نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی اسلام آباد کے نیشنل سیکیورٹی ایڈورکورس 2027 کے 123 رکنی وفد کی ملاقات

اسلام آباد (آن لائن) نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی اسلام آباد کے نیشنل سیکیورٹی ایڈورکورس 2027

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

بیرون ملک بھیجنے کا جھانسہ دے کر کروڑوں روپے کے فراڈ میں ملوث ملزم کی ضمانت منظور

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ آف پاکستان نے شہریوں کو بیرون ملک بھیجنے کا جھانسہ دے کر کروڑوں روپے کے فراڈ میں ملوث ملزم محمد جہانزیب کی ضمانت منظور کرلی ہے۔ عدالتِ عظمیٰ میں سماعت کے دوران ایڈیشنل اٹارنی جنرل اور متاثرین کے وکیل کی جانب سے انتہائی سنگین انکشافات سامنے آئے۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

دہشتگردی کیلئے جماعت الاحرار کو مالی معاونت دی گی، افغان انٹرنیشنل

بھارتی خفیہ ایجنسی را نے پاکستان میں کارروائی کیلئے 7.8 ملین ڈالر سے زائد رقم فراہم کی، رپورٹ

نئی دہلی (آن لائن) بھارت اور طالبان رجیم کا گھناؤنا چہرہ ایک بار پھر بھارتی خفیہ ایجنسی را اور طالبان کی دہشتگرد دنیٹ ورک انٹیلی جنس رپورٹ میں

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان روانڈا اقتصادی تعاون میں نئی پیش رفت

تجارت، سرمایہ کاری اور مشترکہ منصوبوں کے فروغ پر بات چیت ہوگی

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور افریقی ممالک کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے اقتصادی روابط میں مزید پیش رفت سامنے آئی

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ڈیرہ بگٹی کے عوام نے نئے صوبوں کا مطالبہ کر دیا

وسیع رقبے کے باعث انتظامی مشکلات کا سامنا، شہریوں کا 6 سے 8 صوبے بنانے کا مطالبہ

ڈیرہ بگٹی (آن لائن) بلوچستان کے وسیع جغرافیائی

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

کوالٹی ایجوکیشن کا فروغ اولین ترجیح ہے، گورنر بلوچستان

سرکاری یونیورسٹیوں کو معیار اور مقدار کے اعتبار سے بلند تر مقام تک پہنچانے میں ہم کامیاب ہوئے ہیں جو سب کیلئے باعث فخر و مسرت ہے

نوجوان معیاری تعلیم، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی سے لیس ہوں تو بلوچستان کے وسائل بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع پیدا کر سکتے ہیں

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ہماری اصل کامیابی اس وقت ہوگی جب

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

حملے کا فیصلہ کن جواب دیں گے، ایران

تہران (آن لائن) ایرانی بری فوج کے کمانڈر ان

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

محسن نقوی کی ایرانی ہم منصب سے ملاقات، دو طرفہ تعلقات اور خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال

تہران (این این آئی) وزیر داخلہ محسن نقوی کی ایرانی ہم منصب اسکندر مومنی سے ملاقات ہوئی

بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پی ٹی آئی رہنما رؤف حسن کا نام ای سی ایل سے نکال دیا گیا

اسلام آباد (آن لائن) پی ٹی آئی رہنما رؤف حسن کا نام ای سی ایل سے نکال دیا گیا جس

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

فتنہ الہندوستان سے باز یاب خواتین کی پریس کانفرنس میں ہولناک انکشافات

کوئٹہ (آن لائن) دہشتگرد تنظیموں کی جانب سے غریب اور معصوم بیٹیوں کو خودکش بمبار بنانے کی مذموم سازشیں بے نقاب ہوگئی ہیں۔ سیکیورٹی فورسز کے آپریشنز کے نتیجے میں فتنہ الہندوستان کے چنگل سے بازیاب ہونے والی خواتین نے کوئٹہ پریس کلب میں ہنگامی پریس کانفرنس کرتے

بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پنجگور، سیکیورٹی فورسز کی دہشتگردوں کیخلاف کارروائی پر معاونِ داخلہ کا خراجِ تحسین

امن واستحکام کے قیام کیلئے دہشتگرد وعناصر کیخلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، بابر خان یوسفزئی

کوئٹہ (یو این اے) معاون برائے داخلہ بلوچستان

بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ایران کیلئے مذاکرات کا دروازہ اب بھی کھلا ہے، امریکا

تہران کو سنجیدگی اور نیک نیتی کے ساتھ مذاکرات میں واپس آنا ہوگا، مائیک والٹز

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں امریکی

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اسرائیلی وزیر کا مسجد اقصیٰ پر دھاوا، مذہبی رسومات کی ادائیگی

یہ اقدام ایک کھلی خلاف ورزی اور دنیا بھر کے مسلمانوں کے لیے سراسر اشتعال انگیزی ہے

مقبوضہ بیت المقدس (آن لائن) سعودی عرب اور

بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

قومی پولیو مہم کا آغاز، 3 کروڑ بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف

مہم کی کامیابی کے لیے 2 لاکھ 73 ہزار سے زائد پولیو ورکرز فرائض انجام دے رہے ہیں

اسلام آباد (آن لائن) نیشنل ایمرجنسی آپریشن سنٹر

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پٹرولیم لیوی کو مکمل ختم کیا جائے، حافظ نعیم الرحمٰن

لیوی ٹیکس کی وجہ سے 135 ارب روپے کا بوجھ عوام پر ڈال دیا گیا، پریس کانفرنس

عوام کو مہنگائی کے طوفان سے نکالا جائے، عوام کو ریلیف دینے کیلئے پٹرولیم لیوی کو مکمل ختم کیا جائے

سکھر (آن لائن) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ عوام کو ریلیف دینے کیلئے پٹرولیم لیوی کو مکمل ختم کیا جائے۔ سکھر میں

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

حکمرانوں کو سیر وسیاحت سے فرصت نہیں، مولانا فضل الرحمان

افغانستان اور بھارت کے ساتھ سرحدیں بند کر دی گئی ہیں، چین کا اعتماد کھو چکا ہے

اسلام آباد (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام کے

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

چار سالہ بچی سے شادی کرنیوالا معمر شخص افغانستان فرار ہوگیا

بچی کے والد اور ملزم کا بھائی گرفتار، ملزم دباؤ ڈال کر کمسن بچی کا رشتہ طلب کر رہا تھا

چمن (این این آئی) چمن میں 4 سال کی بچی سے 60 سال کے شخص کی مبینہ شادی کے کیس کا ملزم

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ریلوے بغیر ٹکٹ سفر کرنیوالوں کیخلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ

پولیس اہلکار ٹرینوں کی چیکنگ کے دوران لائیو لوکیشن بھیجنے کے پابند ہوں گے

ٹرینوں کی چیکنگ ایس ایچ او اور ایڈیشنل ایس ایچ او کی سربراہی میں ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) ریلوے پولیس نے ٹرین میں بغیر ٹکٹ سفر کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ کرلیا ہے۔ اے آئی جی آپریشنز سید ابرار

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پی ٹی آئی مارچ، اسلام آباد پولیس نے ہماری ایک ہزار گاڑیاں پکڑی ہوئی ہیں کرائے پر نہیں لیں

اسلام آباد (این این آئی) صدر آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اونرز ایسوسی ایشن اویس چودھری

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

را، طالبان انٹیلی جنس اور دہشتگرد گروہوں کے مبینہ گٹھ جوڑ کا انکشاف

بی ایل اے کی پاکستان میں کارروائیوں کے لیے مبینہ طور پر مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی گئی

اسلام آباد (این این آئی) بھارت کی خفیہ ایجنسی را، افغان طالبان کے انٹیلی جنس ادارے جنرل

بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

دہشتگردوں کا کوئی مذہب، ایمان اور عقیدہ نہیں، عطا تارڑ

کوہاٹ (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے سی ایم ایچ کوہاٹ کے

بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

جمعیت علمائے اسلام کے بغیر حکومت بنتی نہیں، بنے تو چلتی نہیں

پیپلز پارٹی حکومت سے الگ ہوتی ہے تو پھر یہ اقلیت کی حکومت ہوگی، ابھی اپوزیشن اس صورتحال میں نہیں کہ تحریک عدم اعتماد لائے

صوبوں کی جنگ آئین کے مطابق لڑیں گے، ملک میں مہنگائی بڑھ گئی، عوام کے دکھ کا مداوا نہیں ہو رہا، اسلام آباد کنٹینرز سے بھر دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ جے یو آئی کے بغیر حکومت بنتی نہیں اور بنے تو چلتی نہیں، پیپلز پارٹی حکومت سے الگ ہوتی ہے تو پھر یہ اقلیت کی حکومت ہوگی، ابھی اپوزیشن اس صورتحال میں نہیں کہ تحریک عدم اعتماد لائے، صوبوں کی جنگ آئین کے مطابق لڑیں گے، ملک میں مہنگائی بڑھ گئی، عوام کے دکھ کا مداوا نہیں ہو رہا،

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

گرفتار ارکانِ کو فوری طور پر رہا کیا جائے، تحریک انصاف کا مطالبہ

منتخب ارکانِ پارلیمنٹ کی گرفتاری آئین، جمہوری اقدار پر ایک اور سنگین حملہ ہے، ترجمان

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف نے پی ٹی آئی سے وابستہ اراکین پارلیمنٹ کی گرفتاریوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے سیاسی انتقام

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

روس کے پارلیمانی انتخابات میں پیوٹن کی جماعت کی واضح برتری

ماسکو (این این آئی) روس کے پارلیمانی انتخابات کے ابتدائی نتائج کے مطابق صدر ولادیمیر پیوٹن کی

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سینیٹر نصیب اللہ بازئی کے انتقال پر ان کے لواحقین سے تعزیت وفاتحہ خوانی کر رہے ہیں

پاکستان کے مستقبل کیساتھ کسی کو کھیلنے کی اجازت نہیں دیجائیگی، احسن اقبال

انتشار سے معاشی ترقی کا سفر متاثر ہوتا ہے، پی ٹی آئی کا ایک چھوٹا گروہ سڑکوں پر دینگا مشتی کرنا چاہتا ہے

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے ترقی و منصوبہ بندی واصلاحات احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کے مستقبل کے ساتھ کسی کو کھیلنے کی اجازت

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

معاشی تھنک ٹینک کی ضلعی سطح پر تجارتی پالیسی تشکیل دینے کی سفارش

18 ویں ترمیم کے بعد صنعت، زراعت اور ہنرمندی کے شعبے صوبوں کے پاس ہیں

اسلام آباد (این این آئی) معاشی تھنک ٹینک

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتیں بلند رہنے کا خطرہ پیدا ہوگیا

خام تیل کی بڑی مقدار پھر آبنائے ہرمز کی طرف منتقل ہوگئی، امریکی اخبار

تہران واشنگٹن (این این آئی) ایران جنگ نے تیل کی عالمی مارکیٹ میں ایک نیا بحران پیدا کر دیا ہے

اور خام تیل کی جگہ اسے لے جانے والے بحری بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

جماعت اسلامی کی آئینی مزاحمت نے نئی سیاسی تاریخ رقم کی، لیاقت بلوچ

تاخیری حربے نہیں چلیں گے، اسلام آباد پہنچ لانگ مارچ کا فیصلہ اٹل ہے، میڈیا سے بات چیت

اسلام آباد (آن لائن) جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ پٹرول

لیوی کے خاتمے اور عوامی ریلیف کے لیے جماعت بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سپیکر چیمبر کے دروازے تمام ارکان اسمبلی کے لیے کھلے ہیں، ایاز صادق

این ڈی یو کے وفد کا پارلیمنٹ ہاؤس کا دورہ، اسپیکر قومی اسمبلی کی پارلیمانی نظام اور قانون سازی پر بریفنگ

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی کے سپیکر سردار

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

روس کے حملے کا جواب دینے کیلئے تیار ہیں، نیٹو

اتحاد اپنی افواج کی تعداد اور جدید صلاحیتوں میں مزید اضافہ کر رہا ہے، کمانڈر

برسلز (این این آئی) نیٹو کے اعلیٰ فوجی کمانڈر ایڈمرل جوزپے کاوو ڈرگونے نے کہا ہے کہ نیٹو روس کی

جانب سے ممکنہ فوجی کشیدگی میں اضافے کا جواب بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم کی خصوصی ریلیف اسکیم

یکم جنوری 2006 کے بعد سے رجسٹرڈ

موٹر سائیکل، چنگ چی اور رکشہ چلانے والے خصوصی ریلیف اسکیم کے لیے اہل ہیں

موٹر سائیکل، چنگچی اور رکشہ چلانے والوں کے لیے

ایک ٹوکن پر ایک ہفتے میں 500 روپے کی رعایت

800 سی سی تک چھوٹی گاڑیوں کے مالکان کے لیے

ہر دس روز میں 10 لیٹر پر 100 روپے فی لیٹر رعایت

مجموعی طور پر 30 لیٹر پٹرول کی رعایتی قیمت پر فراہمی

REG لکھ کر space دیں

STEP 01 اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر 3740515196983 لکھنے کے بعد space دیں

STEP 02 بغیر space نمبر پلیٹ LHR123 ایسے لکھنے کے بعد space دیں

STEP 03 صوبے کے نام کا پہلا حرف جہاں آپ کی گاڑی رجسٹر ہے صوبہ کا نام پنجاب (P) کے بعد space دیں

STEP 04 وہیکل رجسٹریشن کی تاریخ بمعہ، مہینہ اور سال DD/MM/YYYY دن مہینہ اور سال ایسے لکھیں 06102010

چاروں تفصیلات اسپیسز کے ساتھ ایک ہی میسج میں لکھ کر 9771 پر مفت ایس ایم ایس کریں

رعایتی پٹرول کے حصول کا طریقہ کار:

STEP 01 رجسٹریشن کے بعد پٹرول ریلیف حاصل کرنے کے لیے پٹرول پمپ جانے سے پہلے TOK لکھ کر 9771 پر بھیج دیں

STEP 02 موصول ہونے والے میسج میں ٹوکن نمبر، گاڑی کا رجسٹریشن نمبر، پٹرول کی مقدار اور ٹوکن استعمال کرنے کی مدت درج ہوگی

STEP 03 ٹوکن پٹرول پمپ پر دکھا کر آپ رعایتی قیمت پر پٹرول حاصل کر سکتے ہیں

صوبے کے نام کا پہلا حرف

اسلام آباد (I) پنجاب (P)
خیبر پختونخوا (K) گلگت بلتستان (G)
سندھ (S) بلوچستان (B)
آزاد جموں و کشمیر (A)

مزید معلومات کے لیے www.pmfuelrelief.pk وزٹ کریں یا OR کوڈ اسکین کریں

وزارتِ اطلاعات ونشریات
حکومتِ پاکستان

URAAN PAKISTAN

/GovtofPakistan | govtofpakistan | @GovtofPakistan | @govtofpak | www.moib.gov.pk

PID(I) 2696-D/26

جنگ کی بجائے مذاکرات کے ذریعے تنازعات حل کیے جائیں، بلاول بھٹو زرداری

ایران امریکہ اسلام آباد ایویو نے ثابت کیا کہ جنگ سے مکالمہ بہتر اور تنازع سے سفارت کاری زیادہ طاقتور ہے، پیغام جاری

عالمی رہنما امن کو حقیقی موقع دیں اور ایسی دنیا کی تعمیر کیلئے اجتماعی کوششیں کی جائیں جہاں تنازعات کا فیصلہ میدانِ جنگ میں نہیں بلکہ مذاکرات کی میز پر ہو

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے عالمی یوم امن کے موقع پر کہا ہے کہ عالمی برادری پرامن دنیا کی بنیاد مکالمے، سفارت کاری، انصاف اور ریاستوں کی خودمختاری کے احترام پر رکھے، دنیا کے مختلف خطوں میں جاری تنازعات نے ثابت کر دیا ہے کہ عسکری محاذ آرائی سیاسی تنازعات کا پائیدار حل نہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ عالمی برادری جنگ کے

بقیہ 46 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان کا سینیٹر نصیب اللہ بازئی کے گھر آمد انتقال پر لواحقین سے تعزیت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پیر کے روز سینیٹر نصیب اللہ بازئی کے گھر گئے اور ان کے انتقال پر لواحقین سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے مرحوم کی مغفرت، درجات کی بلندی اور سوگوار خاندان کے لیے صبر

بقیہ 12 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

غزالہ گولہ کا بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کے موقع پر تقریب کا انعقاد

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان اسمبلی کی ڈپٹی اسپیکر اور پاکستان پیپلز پارٹی خواتین ونگ بلوچستان کی صدر غزالہ گولہ کی جانب سے چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کے موقع پر ڈپٹی اسپیکر آفس میں تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع

بقیہ 13 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان کے نوجوانوں نے کھیلوں کے میدان بلوچستان کا نام روشن کیا، برکت رند

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنماء پارلیمانی سیکرٹری فشریز میر برکت رند نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوانوں نے کھیلوں کے میدان کی طرح تمام شعبوں اور فلہال میں اپنی صلاحیتوں کے جوہر دکھا کر بلوچستان کا نام روشن کیا

بقیہ 14 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

محکمہ صحت اور یونیورسٹی آف اوسلو کے درمیان ڈیجیٹل ہیلتھ کے فروغ کیلئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط

کوئٹہ (آن لائن) محکمہ صحت، حکومتِ بلوچستان اور ناروے کی ممتاز یونیورسٹی آف اوسلو کے HISP سینٹر کے درمیان بلوچستان میں ڈیجیٹل ہیلتھ نظام کو مزید مستحکم بنانے، DHIS2 کے مؤثر نفاذ، مقامی اختراعات، تحقیق اور تکنیکی استعداد کار

بقیہ 15 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

مولانا ہدایت الرحمٰن کی مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی ملاقات

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کی رہائش گاہ پر مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے ملاقات کی اور انہیں اپنے مسائل، مشکلات اور

بقیہ 16 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

مزدور دوست اقدامات کے تحت لیبر کالونی ایسٹرن بائی پاس کے فٹبالرز کا اعزاز

کوئٹہ (آن لائن) سیکرٹری ورکرز ویلفیئر بورڈ بلوچستان عبدالستار بگٹی کی خصوصی ہدایات پر ورکرز ویلفیئر بورڈ بلوچستان کے اسٹیٹ سیکشن نے کوئٹہ میں ایسٹرن بائی پاس پر واقع لیبر کالونی میں تمام

بقیہ 17 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

مستونگ، بازار میں مسلح افراد کی بینک میں ڈکیتی، لاکھوں روپے لوٹ کر فرار

ملزمان نے الائیڈ بینک کو نشانہ بنایا، فائرنگ سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا

مستونگ (یو این اے) کوئٹہ کے بعد مستونگ میں مسلح افراد نے بازار میں بینک لوٹنے کے بعد فائرنگ کرتے ہوئے مختلف مقامات پر نصب سی سی ٹی وی کیمروں کو بھی نشانہ بنایا اور فرار ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق مسلح افراد نے مستونگ شہر کے بازار میں فائرنگ کی، جس سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ ملزمان نے واردات کے دوران شہر کے مختلف

بقیہ 11 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی محمد ہاشم کے والد حاجی عبدالواحد کے انتقال پر تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

کوئٹہ، محمد انور کاکڑ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس

اجلاس میں محکمہ تعلیم سے متعلق ریشنلائزیشن ڈیٹا، غیر حاضر ملازمین اور کنٹریکٹ ملازمین کا ڈیٹا پیش کیا گیا

کوئٹہ (خ ن) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر، ڈسٹرکٹ خزانہ آفیسر، پروجیکٹ کوآرڈینیٹر، تمام متعلقہ ڈی ڈی اوز (میل/فیمیل) اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں محکمہ تعلیم سے متعلق ریشنلائزیشن ڈیٹا، غیر حاضر ملازمین کا ریکارڈ اور جینئے کنٹریکٹ ملازمین کا ڈیٹا پیش کیا گیا اور اس کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر RTMM کی جانب سے ضلع کے تمام اسکولوں میں حاضر اور غیر حاضر اساتذہ کا ڈیٹا بھی پیش کیا گیا، جبکہ غیر حاضر اساتذہ کی تنخواہوں میں کٹوتی سے متعلق ڈیٹا بھی اجلاس کے سامنے رکھا

بقیہ 18 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان اور چین کے تعلقات میں تجارت کو بنیادی اہمیت حاصل ہے، عبدالقادر

پاکستان کی چین کو برآمدات میں تقریباً 45 فیصد اضافہ ایک مثبت پیش رفت ہے، چیئرمین سینیٹ

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین سینیٹ فائیو کمیٹی برائے دفاعی پیداوار، سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین کے درمیان دیرینہ، مضبوط اور اسٹریٹجک تعلقات میں تجارت کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ حکومت کے موثر تجارتی پالیسیوں کے نتیجے میں چین کو پاکستانی برآمدات میں نمایاں اضافہ خوش آئند ہے، تاہم دوطرفہ تجارت کو مزید متوازن بنانے کے لیے برآمدی صلاحیت بڑھانے کی کوششیں تیز کرنا ہوں گی۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ جولائی اور اگست 2026 کے دوران چین کے ساتھ پاکستان

بقیہ 19 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

فیلڈ مارشل چیف پُرامن بلوچستان کے خواہاں ہے، علی حسن زہری

صدر آصف علی زرداری میانی ہور میں گوادر پورٹ کی طرز پر پورٹ بنانے کے خواہاں ہیں

وندر (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر و ترجمان آصف علی زرداری برائے بلوچستان میر علی حسن زہری نے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل چیف پُرامن بلوچستان کے خواہاں ہے بلوچستان کے نوجوانوں کے لئے 30 ہزار نوکریاں دینے کی ہدایت کی ہے صدر پاکستان آصف علی زرداری کے ترقیاتی وژن کے تحت اربوں لاگت کی جیٹی، انگریکچر بورز، ہینڈ پمپس فش فارمنگ کا قیام اور نوکریاں دیں گے۔ یہ بات انہوں نے پیر کو شہریتی جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ یہ حیرت کی بات ہے دہائیوں کی حکومت ہو اور لوگ ہر لحاظ سے پسماندہ ہوں اب ایسا نہیں ہوگا کیسا ں انصاف ملے گا یہاں لوگ

بقیہ 20 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ہائبرڈ نظام کا تجربہ ناکام ثابت ہو چکا ہے، مولانا واسع

سیاسی قیادت کی کردار کشی کرنا اور اسے مسائل کا ذمہ دار ٹھہرانا نہ صرف جمہوری اقدار کے منافی ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام بلوچستان کے امیر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ بلوچستان کے مسائل اس نہج پر پہنچ چکے ہیں کہ جن نکات پر ایک دہائی قبل سنجیدہ قومی مکالمہ ممکن تھا، آج وہ بھی تشویشناک حد تک پیچیدہ ہو چکے ہیں، جبکہ جن امور پر آج بات کی جا سکتی ہے، اگر یہی روش برقرار رہی تو آئندہ ان پر بھی گفتگو کی گنجائش باقی نہیں رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے بحران کی بنیادی وجہ مسئلے کے حل کے حوالے سے مسلسل غیر

بقیہ 6 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

قومی سیاست میں بلاول بھٹو کا کردار قابلِ قدر ہے، میر لیاقت لہڑی

بلاول بھٹو شہید ذوالفقار علی بھٹو کی سیاسی میراث کو آگے بڑھانے میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء، رکن صوبائی اسمبلی بلوچستان اور پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت علی لہڑی نے چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کو سالگرہ کے موقع پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تہنیتی پیغام میں میر لیاقت علی لہڑی نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری کا عوامی خدمت کے لیے عزم اور پاکستان کے عوام کے لیے ان کی خدمات قابلِ قدر ہیں۔ بالخصوص نوجوان نسل کی رہنمائی، ان کے مسائل کے حل اور قومی خدمت کے جذبے کے حوالے سے بلاول بھٹو

بقیہ 5 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ میں گوشت مہنگا فروخت کرنے والوں کیخلاف کارروائی، 8 افراد گرفتار

اسسٹنٹ کمشنر سٹی محمد امیر حمزہ بلوا اور اسپیشل مجسٹریٹ کا سرکی روڈ، گولنڈی چوک اور خدائے داد روڈ کا دورہ

کوئٹہ (یو این اے) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ایسٹ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سٹی محمد امیر حمزہ بلوا اور اسپیشل مجسٹریٹ اعجاز احمد حسینی نے سرکی روڈ، گولنڈی چوک اور خدائے داد روڈ کے مختلف علاقوں میں گوشت کی قیمتوں اور سرکاری نرخ نامے پر عملدرآمد کا جائزہ لیا۔ کارروائی کے دوران سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی اور مبینہ گراں فروشی پر 8 افراد کو گرفتار کر کے جیل منتقل کر دیا گیا۔ انتظامیہ نے واضح کیا کہ شہریوں کو مقررہ سرکاری نرخوں پر اشیائے

بقیہ 4 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

نیب بلوچستان کی جانب سے شکایات کنندگان کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد

مصدقہ شکایات جو نیب کے دائرہ کار پر پورا اترتی ہوں اُن پر قانون کے مطابق کارروائی کی جائیگی

کوئٹہ (پ ر) نیب بلوچستان کی جانب سے شکایات کنندگان کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد صوبہ بلوچستان میں بڑی مالی بدعنوانیوں کے خلاف شکایات کے اندراج کیلئے چیئرمین نیب کی ہدایات کے مطابق کھلی کچہری کا انعقاد ہر ماہ کی آخری جمعرات کو کیا جاتا ہے۔ جس میں ڈائریکٹر جنرل نیب بلوچستان شکایت کنندگان کو ہدایات خود سنتے ہیں۔ اس ماہ کھلی کچہری کا انعقاد مورخہ 24 ستمبر 2026 بروز (جمعرات) بوقت صبح 00:11 تا 00:01 بجے سہ

بقیہ 1 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پی پی عوام کے حقوق کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی، علی مدد جتک

پارٹی قیادت کی رہنمائی میں عوامی مسائل کے حل کیلئے بھرپور کردار ادا کیا جائے گا

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کے پرمسرت موقع پر کوئٹہ میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں پارٹی کے صوبائی قائدین، عہدیداران اور مقامی رہنماں نے بھرپور شرکت کی اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے اپنی محبت، عقیدت اور سیاسی وابستگی کا اظہار کیا۔ تقریب میں پیپلز پارٹی کے

بقیہ 2 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان کی صنعتی ترقی میں حب ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، سائرہ عطاء

سیف سٹی پراجیکٹ کے ہائی ریزولوشن AI مانیٹرنگ کے انضمام اور اسٹریٹ کرائم کو روکنے میں مدد ملی ہے

حب (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے کہا ہے کہ بلوچستان کی صنعتی ترقی میں ضلع حب ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے کوئٹہ میں رول آؤٹ کے بعد حکومت بلوچستان نے صنعتی ضلع حب میں ڈیجیٹل نگرانی کے بنیادی ڈھانچے کو تعینات کرنے کے لیے تکنیکی اقدامات کیے ہیں سیف سٹی پراجیکٹ کیہائی ریزولوشن AI مانیٹرنگ کے انضمام اور اسٹریٹ کرائم کو روکنے میں مدد ملی ہے یہ بات انہوں نے پیر کے روز سیف سٹی پراجیکٹ ضلع حب کے

بقیہ 3 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

سینیٹر عبدالشکور خان عیسیزئی کو اسلام آباد ایئرپورٹ پر چیچن جانے سے روک دیا گیا

کوئٹہ، اسلام آباد (یو این اے) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سینیٹر عبدالشکور خان عیسیزئی کو اسلام آباد ایئرپورٹ پر ایف آئی اے حکام نے چیچن جانے سے روک دیا، جس کے باعث ان کی پرواز

بقیہ 7 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

خضدار اور ملحقہ علاقوں میں 4.5 شدت کا زلزلہ

خضدار (یو این اے) بلوچستان کے ضلع خضدار اور ملحقہ علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے، جن کی شدت ریکٹر اسکیل پر 4.5 ریکارڈ کی گئی۔ زلزلہ پیمائی مرکز کے مطابق زلزلے کی گہرائی 30 کلومیٹر تھی، جبکہ اس کا مرکز خضدار سے 45

بقیہ 8 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

جامعہ تربت کے وائس چانسلر سے صوبائی وزیر خزانہ کی اہم ملاقات

سینئر فیکلٹی و انتظامی عملے کی کمی کے باعث یونیورسٹی میں پیدا ہونے والے مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا

تربت (خ ن) جامعہ تربت کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن نے کوئٹہ میں صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سے اہم ملاقات کی۔ اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری خزانہ حافظ محمد قاسم بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران یونیورسٹی کو درپیش مالی مشکلات، یونیورسٹی فنانس کمیشن کے آئندہ اجلاس، اور سینئر فیکلٹی و انتظامی عملے کی کمی کے باعث

بقیہ 10 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

سیکرٹری صحت بلوچستان کی زیر صدارت پولیو مہم کے حوالے سے اجلاس

پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے تمام اداروں کا باہمی تعاون اور مربوط اقدامات ناگزیر ہیں

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری صحت بلوچستان عجیب الرحمٰن پانیزئی کی زیر صدارت گزشتہ پولیو مہم کے جائزے اور آئندہ پولیو مہم کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں صوبائی کوارڈینیٹر ای او سی انعام الحق، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی، پرائیویٹ اسکول ایسوسی ایشن، مدارس ایسوسی ایشن اور سرکاری اسکولوں کے ذمہ داران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے ضلع کوئٹہ میں پولیو مہم کے حوالے سے تفصیلی

بقیہ 9 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنماء جہانگیر شاہ اور شوکت بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

عوامی مسائل کا ازالہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، نور محمد مڑد

صوبائی وزیر سے مختلف علاقوں سے آئے ہوئے لوگوں اور عوامی وفود کی ملاقات، درپیش مسائل و مشکلات سے آگاہ کیا

عوام کو درپیش مشکلات کے حل کے لیے دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر کوآرڈینیٹڈ مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد مڑد سے ان کے دفتر میں مختلف علاقوں سے آئے ہوئے لوگوں اور عوامی وفود نے ملاقات کی اور اپنے درپیش مسائل و مشکلات سے آگاہ کیا۔ صوبائی وزیر حاجی نور محمد مڑد نے عوام کی جانب سے پیش کیے گئے مسائل کو سنجیدگی سے سنا اور متعلقہ امور پر تفصیلی غور کیا۔ انہوں نے بعض مسائل کے حل کے لیے موقع پر ہی متعلقہ حکام کو ضروری ہدایات جاری کرتے ہوئے فوری کارروائی عمل میں لانے کی ہدایت کی، جبکہ دیگر مسائل کو بھی ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی

بقیہ 47 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پیپلز ریلوے ورکرز کی کال پر بلوچستان بھر میں تین روزہ یوم سیاہ منایا گیا

کوئٹہ (یو این اے) پیپلز ریلوے ورکرز کوئٹہ ڈویژن کی کال پر ریجنل آفس کوآرڈینیٹ سوسائٹیز بلوچستان کے مبینہ غیر قانونی اقدامات کے خلاف بلوچستان بھر میں تین روزہ یوم سیاہ منایا گیا ریلوے مزدور ایکشن کمیٹی نے بھی احتجاج کی

بقیہ 21 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ایس ایس پی آپریشنز کا پولیس اہلکار پر مبینہ تشدد کے الزام کا نوٹس، انکوائری شروع

اختیارات کے ناجائز استعمال پر زیرو ٹالرنس پالیسی ہے، ملوث اہلکار کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی

کوئٹہ (یو این اے) ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ ضیاالحق مندوخیل نے ایک پولیس اہلکار پر مبینہ تشدد کے الزام کا سخت نوٹس لیتے ہوئے واقعے کی فوری طور پر محکمانہ انکوائری شروع کر دی ہے۔ ایس ایس پی

بقیہ 22 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

شہر میں تجاوزات کے خاتمے کیلئے کارروائیوں کا سلسلہ جاری

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے وژن کے مطابق اور ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ بشیر احمد بڑیچ کی

بقیہ 23 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ترقیاتی کاموں کیلئے نیڈرز شفاف طریقے سے اوپن کر دیے ہیں، شار بگٹی

کوئٹہ (آن لائن) ڈائریکٹر ٹیکنیکل ساوتھ (پروجیکٹ کوارڈی نیٹر) نثار احمد بگٹی نے کہا ہے کہ محکمہ لوکل گورنمنٹ نے بلوچستان کے مختلف ڈسٹرکٹ میں ترقیاتی کاموں کیلئے نیڈرز شفاف

بقیہ 24 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

چمن، پولیس کی کارروائی دو مبینہ ڈاکوں گرفتار

چمن (آن لائن) چمن ڈڑہ بند پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے فائرنگ کے تبادلے کے بعد دو مبینہ ڈاکوں کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے شہری سے چھینی گئی موٹر سائیکل اور ایک

بقیہ 25 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

جھل مگسی، موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے ایک نوجوان زخمی

جھل مگسی (یو این اے) موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ، نوجوان زخمی جھل مگسی کے موضع پہلوان میں فائرنگ کا واقعہ پیش آیا، جہاں دو نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے غلام مصطفیٰ ولد میر حسن، قوم

بقیہ 26 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

چمن، اصغر خان اچکزئی کی اہم جرگے میں شرکت، امن و اتفاق پر زور

حاجی فتح محمد خان کاکوزئی کی رہائشگاہ پر منعقدہ جرگے میں قبائلی مشران اور سیاسی شخصیات کی شرکت

چمن (یو این اے) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی نے حاجی فتح محمد خان کاکوزئی کی سربراہی میں ان کی رہائشگاہ پر منعقدہ اہم جرگے میں شرکت کی۔ جرگے میں علاقے کے اہم قبائلی مشران، سیاسی و سماجی شخصیات نے شرکت کی اور باہمی اتحاد، اتفاق، بھائی چارے اور علاقے میں پائیدار امن کے قیام کے حوالے سے تفصیلی صلاح و مشورہ کیا گیا۔ جرگے میں حاجی نصیر احمد باچاخان، حاجی امین اللہ خان نورزئی،

بقیہ 27 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی کمشنر خاران منیر احمد سومرو تاحال بازیاب نہ ہو سکا

منیر احمد کا تعلق نصیر آباد سے ہے تین سال سے زائد خاران میں بطور ڈپٹی کمشنر خاران تعینات ہیں

خاران (آن لائن) ڈپٹی کمشنر خاران منیر احمد سومرو سمیت دیگر تین افراد کا 24 گھنٹے گزرنے کے باوجود مبینہ طور پر اغوا کے بعد تاحال بازیابی ممکن نہ ہو سکا ہے تاحال سرکاری سطح پر اس واقعے کی باضابطہ تصدیق یا اس حوالے سے اب تک کوئی واضح بیان جاری نہیں کیا گیا ہے ذرائع کے مطابق ڈپٹی کمشنر خاران منیر احمد سومرو اتوار کے روز اپنے دیگر تین سرکاری محافظوں کے ساتھ ذاتی گاڑی سے کوئٹہ سے خاران کی جانب آ رہا تھا کہ خاران کے حدود

بقیہ 28 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

عوامی مفاد میں جاری منصوبوں کی تکمیل میں سستی برداشت نہیں، خالد خان

منصوبوں کی تکمیل سے شہریوں کو صحت کی بہتر سہولیات میسر آئیں گی، ڈپٹی کمشنر

جعفر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان نے بلوچستان انسٹی ٹیوشنل ڈویلپمنٹ ایشیو کے تحت ضلع جعفر آباد میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا اور متعلقہ محکموں کے افسران کو منصوبوں کی بروقت تکمیل، تعمیراتی معیار اور کام کی رفتار کو یقینی بنانے کی ہدایات جاری کیں۔ دورے کے موقع پر ڈپٹی کمشنر نے سول ہسپتال اور گورنمنٹ کالج میں جاری تعمیر و مرمت کے کاموں کا معائنہ کیا اور مختلف حصوں میں جاری ترقیاتی سرگرمیوں کا جائزہ لیتے

بقیہ 29 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

اسسٹنٹ کمشنر جیوانی کا گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول کو سربازار کا دورہ

جیوانی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر جیوانی طارق امام نے گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول کو سربازار کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے تعلیمی و تدریسی سرگرمیوں، اساتذہ کی حاضری اور اسکول کے نظم و ضبط کا جائزہ

بقیہ 45 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کیچ کا تحصیل یونین کونسل تربت سٹی کا دورہ

تربت (خ ن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کیچ ڈاکٹر عبدالرؤف بلوچ نے ستمبر 2026ء کی پولیو مہم کے پہلے روز تحصیل تربت کی یونین کونسل تربت سٹی

بقیہ 43 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پولیو خطرناک اور معذوری کا باعث بننے والا مرض ہے، عبدالقدوس اچکزئی

مہم کے دوران موبائل پولیو ٹیمیں ضلع بھر میں گھر گھر جا کر بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں گی

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی نے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر چار روزہ انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا۔ ضلع زیارت میں چار روزہ انسداد پولیو مہم کے دوران اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق ضلع زیارت میں چار روزہ انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا" وزیر

بقیہ 42 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

اسسٹنٹ کمشنر جیوانی کا گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول کو سربازار کا دورہ

جیوانی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر جیوانی طارق امام نے گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول کو سربازار کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے تعلیمی و تدریسی سرگرمیوں، اساتذہ کی حاضری اور اسکول کے نظم و ضبط کا جائزہ

بقیہ 45 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی کمشنر صحبت کی زیر صدارت ایونگ جائزہ اجلاس

پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کی صورتحال سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی

اجلاس میں متعلقہ محکمہ صحت کے افسران اور پولیو مہم سے وابستہ ذمہ داران نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر صحبت پور (خ ن) ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین کی زیر صدارت ایونگ جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں جاری پانچ روزہ پولیو مہم کی پیش رفت، ٹیموں کی کارکردگی اور مقررہ اہداف کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ فریدہ ترین نے پولیو مہم کے دوران فیلڈ میں تعینات

بقیہ 44 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کمشنر کوئٹہ ڈویژن ڈیشان لاشاری کو محکمہ صحت کی جانب سے عوام کو فراہم کردہ طبی سہولیات کے حوالے سے بریفنگ دے رہے ہیں

امریکہ نے حملہ کیا تو ایسا جواب دینگے دنیا حیران ہو جائیگی، پاسداران انقلاب

امریکی فوجیوں، ساز و سامان کو دوسری جگہوں پر منتقل کر دیا، امریکا میں ہمت نہیں کہ اپنی تاریخی اور ذلت آمیز شکست تسلیم کرے، ترجمان

امریکا سے رابطہ ہوا نہ کسی سفارتکاری میں شامل ہوئے، پاسداران انقلاب ایران کا دفاعی و عسکری بازو ہے

تہران (آن لائن) ایرانی پاسداران انقلاب نے خبردار کیا ہے کہ امریکا نے دوبارہ حملہ کیا تو اس بار ایسے نئے ہتھیار استعمال کریں گے کہ دنیا حیران ہو جائے گی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق فورس کے ترجمان جنرل حسین محبی نے اپنے بیان

بقیہ 48 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

شیخ الحدیث مولانا محمد ادریس شہید کی شہادت عظیم دینی نقصان ہے، جے یو آئی

جید علمائے کرام کو نشانہ بنایا جا رہا ہے، قاتلوں کو فوری گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے، حافظ محمد یوسف

کوئٹہ، پشاور (یو این اے) جمعیت علمائے اسلام بلوچستان کے صوبائی سرپرست اعلیٰ شیخ الحدیث مولانا حافظ محمد یوسف جمعیت علمائے اسلام تحصیل سنجاوی کے امیر مولانا محمد یوسف نایب امیر مولانا حافظ عبدالباقی مولانا حافظ محمد رمضان نے کہا کہ شیخ الحدیث مولانا محمد ادریس شہید کی شہادت عظیم نقصان ہے جو نہ صرف ان کے خاندان بلکہ پورے علمی و دینی طبقے کے لیے گہرے صدمے اور فکریہ کا باعث ہے عالم اسلام کے لیے عظیم سانحہ ہے ان

بقیہ 39 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پولیو کا مکمل خاتمہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، وریندر لعل

مہم کے دوران پولیو ٹیموں کی کارکردگی کی مؤثر نگرانی کی جائے گی، ڈپٹی کمشنر

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل نے آج بچوں کو پولیو جیسے موذی مرض سے محفوظ رکھنے کے لیے بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر ضلع نصیر آباد میں پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نصیر آباد ڈاکٹر ایاز حسین جمالی اور عالمی ادارہ صحت WHO کے نمائندہ ڈاکٹر عبدالسمیع نے بھی بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے اس موقع پر ڈپٹی کمشنر وریندر لعل نے کہا کہ پولیو کا مکمل خاتمہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے والدین سول سوسائٹی علماء کرام

بقیہ 40 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کچلاک، بڑھتی ہوئی وارداتیں پولیس کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے، نادر کاکڑ

موٹر سائیکل، نقدی، موبائل کے گن پوائنٹ پر چھیننے، چوری، ڈکیتی کی وارداتیں سرعام جاری ہیں، رحمت ناصر

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹ

کوئٹہ، اہلسنت وجماعت کے رہنماء ذوالفقار طارقی سبی میں دارالعلوم محمدیہ غوثیہ کے مہتمم اعلیٰ سید ریاض حسین شاہ سے ملاقات کر رہے ہیں

صحبت پور، شدید گرمی میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ پر عوام سراپا احتجاج

کیسکو کے تبادلوں اور من مانیوں سے غریب صارفین پریشان، متعدد فیڈرز پر بجلی کی فراہمی معطل

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور ضلع بھر میں پڑنے والی شدید گرمی اور جس کے دوران بجلی کی غیر اعلانیہ اور طویل لوڈشیڈنگ نے غریب عوام کی چیخیں نکلوا دی ہیں، جبکہ کیسکو حکام کے مسلسل تبادلوں اور مبینہ من مانیوں نے صارفین کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق صحبت پور سٹی سمیت فیڈر رشاہی واہ، فیڈر حیدر دین، فیڈر رحیم پور، فیڈر اظہار خان اور فیڈر جیانی کے تمام علاقے بجلی کے نام کو ترس کر رہ گئے ہیں۔ ایک طرف شدید گرمی اور حبس کا راج ہے تو دوسری طرف کیسکو حکام کی ہٹ دھرمی اور من مانیوں نے عوام کا جینا محال کر رکھا ہے۔ غریب طبقے، گدھا گاڑی بانوں اور روزانہ کی بنیاد پر دیہاڑی کمانے والے مزدوروں کا کہنا ہے کہ وہ اپنے بچوں کے لیے دو وقت کی روٹی کمائیں یا پھر کیسکو کے بھاری بھرکم بلوں اور افسران کی من مانیوں کے پیٹ بھریں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ کیسکو کی ساری توجہ صرف افسران کے تقرر و تبادلوں پر مرکوز ہے، جہاں بھی دریان منجو کو ایس ای آپریشن تو کبھی عبدالحمید پلٹی کو ایس ای آپریشن مقرر کر دیا جاتا ہے، لیکن زمینی سطح پر عوام کی حالت زار بہتر کرنے کے لیے کوئی قدم نہیں اٹھایا جاتا۔ بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور مسلسل ٹرپنگ کے باعث صارفین شدید ذہنی اذیت اور پریشانی کا شکار ہیں۔ عوامی اور سماجی حلقوں نے اعلیٰ حکام سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ صحبت پور کے مختلف فیڈرز پر جاری غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور وولٹیج کی خرابی کا فوری نوٹس لیا جائے اور صارفین کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جائے تاکہ اس سخت گرمی میں عوام کو ریلیف مل سکے۔

صحافی پر تشدد کے واقعے پر رپورٹرز پریس کلب حب کا دو ٹوک مؤقف، احتجاج کی دھمکی

حب (یو این اے) رپورٹرز پریس کلب حب کے ترجمان نے سینئر صحافی اور یو این اے کے بیورو چیف نصیر احمد پر مبینہ تشدد اور سنگین نتائج کی دھمکیوں کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ صحافیوں کو تشدد اور دھمکیوں کے ذریعے دبا میں لانے کی کسی بھی کوشش کو برداشت نہیں کیا جائے گا، ترجمان نے کہا کہ نصیر احمد پر تشدد کا واقعہ انتہائی افسوسناک اور قابلِ مذمت ہے۔ صحافیوں کے ساتھ اس قسم کا رویہ آزادی صحافت اور بنیادی انسانی حقوق پر سوالیہ نشان ہے۔ پولیس کی جانب سے واقعے کا مقدمہ درج کر کے قانونی کارروائی شروع کرنے کے اقدام کو سراہتا ہے، تاہم مطالبہ کرتا ہے کہ مقدمے میں نامزد تمام ملزمان کو قانون کے مطابق گرفتار کر کے شفاف اور بلاامتیاز تفتیش عمل میں لائی جائے اور انہیں قانون کے کٹہرے میں لایا جائے ترجمان نے کہا کہ صحافی برادری اپنے ساتھی نصیر احمد کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے اور واضح کرتی ہے کہ تشدد، دھمکی یا دباؤ کے ذریعے صحافیوں کو خاموش کرانے کی کوشش کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دی جائے گی انہوں نے کہا کہ اگر قانونی کارروائی کو منطقی انجام تک پہنچانے میں کسی قسم کی رکاوٹ یا تاخیر سامنے آئی تو رپورٹرز پریس کلب حب بھرپور احتجاج کا راستہ اختیار کرے گا۔

میونسپل کارپوریشن اوستہ عوامی خدمت کا سلسلہ جاری

اوستہ محمد (آن لائن) میونسپل کارپوریشن اوستہ محمد میر مظفر خان جمالی اور چیف آفیسر بابو سکندر علی تنیو کی کاوشوں اور انتھک محنت سے عوامی خدمت کا سلسلہ جاری میئر میونسپل کارپوریشن میر مظفر خان جمالی اور چیف آفیسر بابو سکندر علی تنیو کی مسلسل کاوشوں اور انتھک محنت کی بدولت میونسپل کارپوریشن اوستہ محمد کے لیے ہیوی مشینری کا انتظام عمل میں لایا گیا ہے، جس سے شہر میں سیوریج کے نظام، نکاسی آب اور صفائی ستھرائی کے امور میں نمایاں بہتری آنے کی توقع ہے اس سلسلے میں آج ہیوی مشینری کا باقاعدہ افتتاح سردار محمد ہارون خان جمالی نے کیا۔ افتتاحی تقریب میں جمالی قبیلے کے معززین اور دیگر شخصیات نے شرکت کی تقریب کے شرکا نے میئر میر مظفر خان جمالی اور چیف آفیسر بابو سکندر علی تنیو کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ میونسپل کارپوریشن اوستہ محمد کی تاریخ میں اس نوعیت کی ہیوی مشینری کا انتظام ایک اہم پیش رفت ہے۔ اس مشینری کی دستیابی سے اوستہ محمد شہر میں صفائی ستھرائی، سیوریج اور نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی اور شہریوں کو براہ راست فائدہ پہنچے گا شرکا نے میئر اور چیف آفیسر کی عوامی خدمت اور شہر کی بہتری کے لیے کی جانے والی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کیا اور امید ظاہر کی کہ ہیوی مشینری کے مؤثر استعمال سے اوستہ محمد کے شہریوں کو مزید بہتر بلدیاتی سہولیات فراہم کی جا سکیں گی۔

نال گرلز ہائی اسکول کو ہائر سیکنڈری کا درجہ دیا جائے

نال میں گرلز اسکول ہونے کے باوجود سائنس ٹیچرز کی کمی سمیت متعدد بنیادی تعلیمی مسائل موجود ہیں

نال (آن لائن) نال گرلز ہائی اسکول کو ہائر سیکنڈری کا درجہ دیا جائے، طالبات کی تعلیم بچانے کے لیے فوری اقدامات کا مطالبہ۔ نال گرلز ہائی اسکول میں طالبات کو درپیش تعلیمی مسائل کے حل اور بچیوں کی تعلیم کا سلسلہ میٹرک کے بعد جاری رکھنے کے لیے اسکول کو ہائر سیکنڈری) کلاس 11 اور (12 کا درجہ دینے کا مطالبہ زور پکڑ گیا ہے"۔ نال میں گرلز اسکول ہونے کے باوجود سائنس ٹیچرز کی کمی سمیت متعدد بنیادی تعلیمی مسائل موجود ہیں۔ مقامی والدین اور شہریوں کا کہنا ہے کہ بچیوں کے لیے میٹرک کے بعد تعلیم جاری رکھنے کے مناسب مواقع نہ ہونے کی وجہ سے بڑی تعداد میں طالبات مزید تعلیم حاصل نہیں کر پاتیں۔ والدین کے مطابق نال گرلز اسکول سے میٹرک کرنے والی بہت سی طالبات اس کے بعد تعلیم چھوڑ کر گھروں تک محدود ہو جاتی ہیں اس کی ایک بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ میٹرک کے بعد انہیں ایسے کالج میں داخلہ لینا پڑتا ہے جہاں لڑکے اور لڑکیاں ایک ساتھ تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ بعض والدین اپنی بچیوں کو قبائلی علاقہ ہونے کی وجہ سے مخلوط تعلیمی ماحول میں بھیجنے پر آمادہ نہیں ہوتے۔ جس کے نتیجے میں طالبات میٹرک کے بعد اپنی تعلیم جاری نہیں رکھ پاتیں"۔ مقامی حلقوں کے مطابق صورتحال کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ 100 طالبات میں سے تقریباً 10 ہی میٹرک کے بعد کالج کا رخ کرتی ہیں، جبکہ تقریباً 90 طالبات مزید تعلیم سے محروم رہ جاتی ہیں۔ اس تعلیمی خلا کو ختم کرنے کے لیے نال گرلز اسکول کو ہائر سیکنڈری کا درجہ دینا انتہائی اہم قرار دیا جا رہا ہے"۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ خشدار، زیدی اور کرخ جیسے دیگر خصیلوں میں گرلز ہائر سیکنڈری اسکول موجود ہیں، مگر نال جیسے سب سے بڑے اور ضلع کی حیثیت رکھنے والے علاقے میں طالبات کے لیے ایک بھی ہائر اسکول جیسی سہولت کا نہ ہونا تشویش کا باعث ہے۔ دوسری جانب اسکول میں پہلے ہی کلاس رومز کی کمی ہے اور متعانی ہال نہ ہونے کی وجہ سے ایک ہال کی بھی شدید ضرورت ہے"۔ اسکول کی عمارت محدود ہونے اور کلاس رومز کی کمی کے باوجود کالج کے امتحانات بھی اسی عمارت میں منعقد کیے جاتے ہیں، جس کے باعث گرلز اسکول کی اپنی طالبات کو بیٹھنے اور تعلیمی سرگرمیوں میں سنگین حد تک مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ علاقہ مکینوں، والدین اور تعلیمی حلقوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ نال گرلز ہائی اسکول میں سائنس ٹیچرز کی کمی کو بھی فوری طور پر پوری کی جائے، اسکول کے لیے اضافی ہال / کلاس رومز / سائنس رومز اور ضروری سہولیات فراہم کی جائیں اور اسے ہائر سیکنڈری کا درجہ دے کر کلاس فرسٹ ایئر اور سیکنڈ ایئر کا آغاز کیا جائے تاکہ نال کی بچیوں کو میٹرک کے بعد تعلیم چھوڑنے پر مجبور نہ ہونا پڑے اور انہیں اپنے ہی علاقے میں باعزت اور محفوظ تعلیمی ماحول میں اعلیٰ تعلیم جاری رکھنے کا موقع مل سکے۔

بابا کوٹ، نصیر آباد میں قومی شاہراہ پر نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کی آمدورفت جاری

بابا کوٹ (یو این اے) نصیر آباد میں قومی شاہراہ پر نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کی مبینہ آمدورفت کے حوالے سے تشویشناک اطلاعات سامنے آئی ہیں، جبکہ نوتال کسٹم چیک پوسٹ پر تعینات عملے کی کارکردگی پر بھی سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ ذرائع کے مطابق قومی شاہراہ سے روزانہ مبینہ طور پر متعدد نان کسٹم پیڈ گاڑیاں گزرتی ہیں، جبکہ بعض ذرائع نے الزام عائد کیا ہے کہ بھاری رقم کے عوض گاڑیوں کو مبینہ طور پر چیک پوسٹ سے کراس کرایا جا رہا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اگر یہ اطلاعات درست ہیں تو یہ صورتحال نہ صرف کسٹم قوانین پر عملدرآمد کے حوالے سے سنگین سوالات پیدا کرتی ہے بلکہ قومی خزانے کو بھی نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ شہری حلقوں نے اعلیٰ کسٹم حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ نوتال کسٹم چیک پوسٹ کی نگرانی اور رپورٹ کی جانچ پڑتال کی جائے، قومی شاہراہ سے گزرنے والی گاڑیوں کی شفاف چیکنگ یقینی بنائی جائے۔ اور مبینہ طور پر رقم لے کر گاڑیاں گزارنے کے الزامات کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں۔ واضح رہے کہ مذکورہ الزامات ذرائع سے منسوب ہیں۔

گڈانی، محکمہ فشریز کی ٹیم کی گشت، غیر قانونی گجانیٹ ٹرالرز فرار

گڈانی (یو این اے) محکمہ فشریز کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر عبدالہادی کی خصوصی ہدایت پر گڈانی فشریز پٹرولنگ ٹیم پٹرولنگ میں مصروف عمل ہیں گڈانی کے ساحل قریب سے گجانیٹ ٹرالرز بھاگنے پر مجبور اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز عبدالہادی نے ٹیم کو ہدایت دی ہیں کہ گجانیٹ ٹرالرز کو کسی صورت حدود سے تجاوز کرنے کی اجازت نہیں ہے اگر وہ پھر بھی حدود سے تجاوز کرتے ہیں تو انہیں گرفتار کر کے قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی کیونکہ سمندری حیات کی تحفظ و ماہیگیروں کی حقوق کی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے کسی قسم کی کوتاہی نہیں برتی جائے۔

نال میں مرغی فروش کم وزن گوشت فراہم کرنے لگے، اے سی نال سے نوٹس لینے کا مطالبہ

نال (آن لائن) نال میں بعض مرغی فروشوں کی جانب سے صارفین کو مقررہ وزن سے کم گوشت فراہم کیے جانے کی شکایات سامنے آئی ہیں۔ عوامی حلقوں کے مطابق مرغی فروش ایک ہزار گرام گوشت کی قیمت وصول کرتے ہیں، تاہم اس کے بدلے بعض اوقات 700 یا 800 گرام گوشت فراہم کیا جاتا ہے۔ عوامی حلقوں نے اے سی نال اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ مرغی فروشوں کے ترازو اور وزن کی جانچ کی جائے اور اگر کم وزنی ثابت ہو تو قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے، تاکہ عوام کو مکمل وزن کے مطابق گوشت کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔

نیشنل پارٹی ضلع قلات کی سینئر باڈی کا ایک اہم اور فکری اجلاس

پارٹی کی بنیادیں عوام میں ہیں اور خواتین فورم سمیت تمام ونگز کو مزید فعال بنا کر تنظیمی عمل کو گھر گھر تک پہنچایا جائے گا

قلات (آن لائن) نیشنل پارٹی ضلع قلات کی سینئر باڈی کا ایک اہم اور فکری اجلاس زیر صدارت ضلعی صدر کامریڈ ظہور بلوچ منعقد ہوا اجلاس کے مہمان خاص نیشنل پارٹی کے صوبائی فنانس سیکرٹری میر اشرف علی مینگل تھے، جبکہ قلات ڈویژن کے رہنما ایڈووکیٹ حمید بلوچ نے بطور اعزازی مہمان شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع قلات، تحصیل اور خواتین فورم کی کابینہ کے عہدیداروں نے شرکت کی اور تنظیم کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے اپنی اپنی تفصیلی کارکردگی رپورٹ پیش کیں۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی و ضلعی قائدین اور دیگر مقررین ضلعی جنرل سیکرٹری عبدالرحمٰن سرپرہ تحصیل قلات کے جنرل سیکرٹری حفیظ سائمہ براہوئی پریس سیکرٹری مقبول گل محمد شہی شعیب مغل خواتین ونگ کی سیکرٹری میڈم شازیہ اکبر زہری صدر فرزانہ حسین نے کہا کہ نیشنل پارٹی ایک منظم، جمہوری اور نظریاتی سیاسی پارٹی ہے جس کا مقصد عوام کے حقوق کی پاسداری اور مڈل کلاس کی سیاسی و فکری تربیت کرنا ہے۔ انہوں نے تنظیمی رپورٹوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پارٹی کی بنیادیں عوام میں ہیں اور خواتین فورم سمیت تمام ونگز کو مزید فعال بنا کر تنظیمی عمل کو گھر گھر تک پہنچایا جائے گا۔ مقررین نے موجودہ سیاسی صورتحال پر روشنی ڈالتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ نیشنل پارٹی مظلوم طبقات کی آواز بن کر اپنے سیاسی سفر کو جاری رکھے گی اور ضلع قلات میں عوامی مسائل کے حل کے لیے فرنٹ لائن پر کردار ادا کرتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی اس پر آشوب دور میں بھی مکمل منظم اور مستحکم ہیں ہر فلور پر اپنے عوام کیلئے کھڑی رہی ہے اجلاس کے آخر میں تنظیمی ڈھانچے کو مزید مضبوط بنانے کے لیے کئی اہم فیصلے بھی کیے گئے۔

کوئٹہ بلوچستان لیکس پارلیمانی ایشن کے چیئرمین سید سلیم رضا ایڈووکیٹ کے بھتیجے کے دعوت ولیمہ کے موقع پر دولہا بیرسٹر سید احمد حسین شاہ کا والد سید مظفر حسین شاہ ارسلان فیاض انور شاہ و دیگر دوستوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

اوتھل زیرو پوائنٹ چیک پوسٹ یا مبینہ کمائی کا مرکز بن گیا

کچے راستوں سے آنے والی ایرانی ڈیزل و پٹرول کی گاڑیوں سے رقم لینے کی شکایات نے کئی سوالات کھڑے کر دیے

وندر (رپورٹ/رمضان لاسی) اوتھل زیرو پوائنٹ چیک پوسٹ یا مبینہ کمائی کا مرکز بن گیا۔ لسبیلہ کے ضلعی ہیڈ کوارٹر اوتھل میں زیرو پوائنٹ پولیس چیک پوسٹ پر مبینہ بہتہ وصولی کا معاملہ، کچے راستوں سے آنے والی ایرانی ڈیزل و پٹرول کی گاڑیوں سے رقم لینے کی شکایات نے کئی سوالات کھڑے کر دیے۔ لسبیلہ ڈویژن کے ضلعی ہیڈ کوارٹر اوتھل میں زیرو پوائنٹ پولیس چیک پوسٹ کے حوالے سے مبینہ طور پر ایرانی ڈیزل و پٹرول کی گاڑیوں سے رقم وصول کیے جانے کی شکایات سامنے آئی ہیں۔ باخبر ذرائع کے مطابق کچے راستوں کے ذریعے ایرانی ڈیزل و پٹرول لانے والی بعض گاڑیوں کو چیک پوسٹوں پر مبینہ طور پر روک کر رقم وصول کیے جانے کی اطلاعات ہیں، جبکہ زیرو پوائنٹ چیک پوسٹ پر تعینات بعض اہلکاروں کے حوالے سے بھی ایسی شکایات گردش کر رہی ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پولیس چوکیوں اور چیک پوسٹوں پر مبینہ غیر قانونی وصولیوں کی روک تھام کے لیے اعلیٰ سطح پر واضح ہدایات موجود ہیں، تاہم اوتھل زیرو پوائنٹ پر سامنے آنے والی شکایات نے ان احکامات پر عملدرآمد کے حوالے سے سنجیدہ سوالات پیدا کر دیے ہیں۔ شہری و عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر چیک پوسٹیں قانون کی عملداری اور عوام کے تحفظ کے بجائے مبینہ غیر قانونی وصولیوں کا ذریعہ بن جائیں تو یہ نہ صرف محکمہ پولیس کی ساکھ بلکہ قانون کی رٹ کے لیے بھی تشویشناک امر ہے۔ عوامی حلقوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان، آئی جی پولیس بلوچستان اور متعلقہ اعلیٰ پولیس حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ زیرو پوائنٹ سمیت اوتھل کی متعلقہ چیک پوسٹوں پر مبینہ رقم وصولی کی شکایات کا غیر جانبدارانہ اور شفاف اکھوائری کے ذریعے جائزہ لیا جائے، حقائق سامنے لائے جائیں اور اگر الزامات درست ثابت ہوں تو ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔

صحافیوں کو دھونس اور تشدد سے خاموش نہیں کرایا جا سکتا، فرحان بھنگر

صحافی نصیر احمد پر حملہ آزادی صحافت پر حملہ ہے، ملزمان کو فوری گرفتار کیا جائے

حب (یو این اے) یو این اے حب کے نمائندے فرحان بھنگر نے سینئر صحافی اور یو این اے کے بیورو چیف نصیر احمد پر مبینہ تشدد، بدسلوکی اور سنگین نتائج کی دھمکیوں کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک صحافی پر حملہ دراصل آزادی صحافت اور معاشرے میں قانون کی بالادستی پر حملہ ہے، جسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جا سکتا فرحان بھنگر نے کہا کہ نصیر احمد ایک گھریلو تنازع کو پرامن طریقے سے حل کرانے کے لیے گئے تھے، لیکن ان کے ساتھ مبینہ طور پر جو سلوک کیا گیا وہ انتہائی افسوسناک، قابلِ مذمت اور ناقابلِ برداشت ہے۔ جو لوگ کسی معاملے کو حل کرنے کے لیے آنے والے افراد پر ہی حملہ آور ہو جائیں اور پھر انہیں سنگین نتائج کی دھمکیاں دیں، ان کے اس طرزِ عمل کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے انہوں نے کہا کہ صحافی کو تشدد کا نشانہ بنانا، دھمکانا یا خوفزدہ کرنا کسی صورت قابلِ قبول نہیں۔ اختلاف یا ناراضی کا جواب تشدد نہیں بلکہ قانون کے دائرے میں رہ کر دیا جا سکتا ہے۔ کسی فرد کو یہ اختیار حاصل نہیں کہ وہ قانون کو اپنے ہاتھ میں لے اور دوسروں کو خوفزدہ کرے۔ فرحان بھنگر نے واضح کیا کہ وہ نصیر احمد کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں اور اس افسوسناک واقعے کی بھرپور مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صحافتی برادری اپنے ساتھی کو تنہا نہیں چھوڑے گی اور آزادی صحافت کے خلاف کسی بھی قسم کے دباؤ، دھونس یا تشدد کے سامنے خاموش نہیں رہے گی انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے واقعے کا نوٹس لیے جانے اور مقدمہ درج ہونے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اب ضروری ہے کہ معاملے کو صرف مقدمہ درج ہونے تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ قانون کے مطابق اس کے تمام مراحل مکمل کیے جائیں اور متاثرہ صحافی کو انصاف فراہم کیا جائے فرحان بھنگر نے کہا کہ صحافیوں کو دھمکیاں دے کر ان کی آواز دبانے کا زمانہ گزر چکا ہے۔ قلم اور سچ کی آواز کو تشدد، دھونس اور خوف کے ذریعے خاموش نہیں کرایا جا سکتا۔ ہم نصیر احمد کے ساتھ کھڑے ہیں اور ان کے خلاف ہونے والے مبینہ تشدد کی بھرپور مذمت کرتے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ یہ واقعہ صرف ایک صحافی کا معاملہ نہیں بلکہ پوری صحافتی برادری کے لیے باعثِ تشویش ہے۔ حکومت اور متعلقہ اداروں کو چاہیے کہ صحافیوں کے تحفظ کو یقینی بنائیں تاکہ آئندہ کسی کو بھی صحافیوں کو تشدد یا دھمکیوں کے ذریعے دبانے کی جرات نہ ہو۔

چھتر، صحبت پور میں تحفظ حرمین الشریفین کانفرنس کا انعقاد

پاکستان کی سلامتی، استحکام اور خودمختاری کے لیے قوم کو اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کرنا ہوگا، مرکزی مسلم لیگ

چھتر (یو این اے) صحبت پور میں تحفظ حرمین الشریفین کانفرنس، صوبائی صدر مرکزی مسلم لیگ عقیل احمد لغاری کا خصوصی خطاب حرمین شریفین کا تحفظ امت مسلمہ کی ذمہ داری ہے، عقیل احمد لغاری صوبائی صدر بلوچستان پاکستان مرکزی مسلم لیگ حرمین شریفین کی حرمت و سلامتی ہر مسلمان کے دل سے جڑی ہوئی ہے مرکزی مسلم لیگ کے زیر اہتمام کانفرنس میں عبداللہ بلوچ سمیت رہنماں و کارکنوں کی شرکت، حرمین الشریفین کے تقدس کے تحفظ پر زور تفصیلات کے مرکزی مسلم لیگ ضلع صحبت پور کے زیر اہتمام تحفظ حرمین الشریفین کانفرنس منعقد ہوئی، جس میں مرکزی مسلم لیگ بلوچستان کے صوبائی صدر عقیل احمد لغاری، مرکزی مسلم لیگ شرقی زون بلوچستان کے صدر عبداللہ بلوچ سمیت کارکنوں اور شہریوں نے شرکت کی تحفظ حرمین الشریفین کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی صدر عقیل احمد لغاری نے کہا کہ اللہ تعالیٰ اور دین اسلام سے دشمنی رکھنے والے عناصر، نیز حضرت محمد ﷺ کی شان و حرمت کے خلاف کسی بھی قسم کی گستاخی یا اقدام مسلمانوں کے لیے انتہائی حساس معاملہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقدس شخصیات، اسلامی شعائر اور مقدس مقامات کے احترام کو ملحوظ خاطر رکھا جانا چاہیے عقیل احمد لغاری نے حرمین الشریفین کی مذہبی اہمیت، حرمت و تقدس پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ حرمین الشریفین امت مسلمہ کے لیے انتہائی مقدس مقامات ہیں، جن سے دنیا بھر کے مسلمانوں کی گہری عقیدت اور روحانی وابستگی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مقدس مقامات کے احترام اور حرمت کے تحفظ کے حوالے سے مسلمانوں کے جذبات کو اہمیت حاصل ہے انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ حالات میں امت مسلمہ کے درمیان اتحاد، اتفاق اور یکجہتی وقت کی اہم ضرورت ہے مسلمانوں کو باہمی اختلافات سے بالاتر ہو کر دین، ملک و ملت اور مقدس مقامات کے احترام کے لیے اپنا مثبت کردار ادا کرنا چاہیے صوبائی صدر پاکستان مرکزی مسلم لیگ صدر عقیل احمد لغاری نے کہا کہ وقت آ چکا ہے کہ ہم سب کو اکٹھا ہو کر پاکستان کی بقا، سلامتی، استحکام اور خودمختاری کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ پاکستان ہے تو ہم سب ہیں، اس لیے ملک کی سلامتی اور استحکام کو اپنی اجتماعی ذمہ داری سمجھتے ہوئے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور استحکام کے لیے قوم کو اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کرنا ہوگا، کیونکہ مضبوط اور مستحکم پاکستان ہی ملک کے عوام اور امت مسلمہ کے مفادات کے تحفظ میں مؤثر کردار ادا کر سکتا ہے

گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج کو بی ایس پروگرام کیلئے سہولیات کی اشد ضرورت ہے

کالج کو کمپلیکس امتحانات کے لیے مناسب ہال، فرنیچر اور دیگر ضروری سہولیات کی اشد ضرورت ہے

اوستہ محمد (نامہ نگار) گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج کو بی ایس پروگرام کے لیے سہولیات کی اشد ضرورت ہے گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج اوستہ محمد کے پرنسپل عبید اللہ زہری نے کہا ہے کہ گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج کا شمار صوبے کے قدیم اور معیاری تعلیمی درسگاہوں میں ہوتا ہے جہاں طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے لیے بھرپور اقدامات کیے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ کالج میں بی ایس پروگرام کے آغاز اور اسے مزید بہتر انداز میں چلانے کے لیے بنیادی سہولیات کی فراہمی ضروری ہے کالج کو کمپلیکس امتحانات کے لیے مناسب ہال، فرنیچر اور دیگر ضروری سہولیات کی اشد ضرورت ہے، تاکہ طلبہ کو امتحانات کے دوران بہتر تعلیمی ماحول فراہم کیا جا سکے پرنسپل عبید اللہ زہری نے متعلقہ حکام اور محکمہ تعلیم سے مطالبہ کیا کہ گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج اوستہ محمد کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے امتحانی ہال کی تعمیر، فرنیچر کی فراہمی اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں، تاکہ طلبہ کو درپیش مشکلات کا ازالہ ہو سکے اور تعلیمی سرگرمیاں مزید بہتر انداز میں جاری رہیں۔

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں صفائی کا فقدان

شہر کی وی آئی پی سڑکوں پر سیوریج کا پانی پہنچنے سے صفائی انتظامیہ کے اقدامات اور دعووں کی کھلی کھول دی

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں صفائی کا فقدان ہونے کی وجہ سے شہر کی وی آئی پی سڑکوں پر سیوریج کا پانی پہنچنے سے صفائی انتظامیہ کے اقدامات اور دعووں کی کھلی کھول دی ریڈ زون کے قریب فیڈرل لاج کا گٹر اور سیوریج لائن بھانک کے قریب اکرم ہسپتال کے سامنے گزشتہ کئی روز سے نالہ بند ہونے کے باعث گندا پانی سڑک پر بہنے سے شہریوں کو گزرنے میں شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ اس کے علاوہ سیٹلائٹ ٹاؤن کے علاقے منی مارکیٹ اس کے علاوہ جناح ٹاؤن میں بھی نالیاں بند اور صفائی نہ ہونے کی وجہ سے گندا پانی سڑکوں پر بہہ رہا ہے عوامی حلقوں نے ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن اور ضلعی انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ شہر میں صفائی کی ناقص صورتحال کا نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ حکام کو تبدیہ کریں کہ وہ صفائی کو یقینی بنائیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ کوئٹہ جس کو ماضی میں لعل پیرس کے نام سے جانا پہچانا جاتا تھا آج وہی کوئٹہ گندگی کے ڈھیر میں تبدیل ہو چکا ہے جس کی بڑی وجہ ارباب اختیار، حکام اور متعلقہ اداروں کے سربراہوں کی عدم دلچسپی کی وجہ سے صفائی کو یقینی بنانے والے ادارے اور عملہ اپنی ذمہ داری نبھانے سے قاصر ہیں اور سڑکوں پر کئی کئی دن گٹر بند ہونے کی وجہ سے ان کا گندا پانی بہتا رہتا ہے جس کی وجہ سے گزرنے والے شہریوں اور لوگوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ وی آئی پی سڑکوں پر موجود نالیاں اور گٹر بند ہونے کی وجہ سے ان کا گندا پانی سڑکوں پر بہتا رہتا ہے جس کی وجہ سے لوگوں کو شدید تکلیف اور ذہنی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ حالانکہ صفائی نصف ایمان ہمارے دین کا حصہ ہے لیکن ہمارے لوگ اپنی ذمہ داری پوری کرنے سے قاصر ہیں جس کی وجہ سے لوگوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا کہ شہر میں نالیوں کی صفائی اور سیوریج سمیت کچرے کو بروقت اور فوری طور پر ٹھکانے لگانے کے لئے اقدامات اٹھائے جائیں۔

کلی دیرہ گئی تا تکڑی روڈ کو دوبارہ بحال کر کے اس پر کام شروع کیا جائے

ژوب (آن لائن) کلی دیرہ گئی تا تکڑی روڈ کو دوبارہ بحال کر کے اس پر کام شروع کیا جائے روڈ کی ژوب سے کوئٹہ بلگلی علاقے کے عوام سے ظلم و زیادتی ہے سخت احتجاج کریں گے ان خیالات کا اظہار کلی دیرہ گئی تا تکڑی کے مختلف دیہاتوں سے تعلق رکھنے والے اشرف خان مندوخیل دادگل مندوخیل خواجہ مہ مندوخیل چارگل مندوخیل محمد خان لالا گل زمان عبدالحلیم امیر محمد مطاخان اور دیگر نے پریس کلب میں پر ہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا انھوں نے کہا کہ 27-2026PSDP میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے گلی دیرہ گئی تا تکڑی بلیک ٹاپ روڈ منظور کیا تھا جس پر ہم سب نے گورنر کا تہہ دل سے شکریہ بھی ادا کیا اور اس پر کام بھی شروع ہونے والا تھا مگر ہمیں پتہ چلا ہے کہ مذکورہ روڈ کو پہلے کلی شیخان اور بعد میں کوئٹہ شفٹ کیا گیا جو علاقے کے عوام کے ساتھ ظلم و ناانصافی ہے جس پر تمام دیہاتوں کے عوام میں سخت تشویش پائی جاتی ہے اور علاقے کے عوام سخت ناراض ہیں لہٰذا اس پریس کانفرنس کے ذریعے گورنر بلوچستان وزیر اعلیٰ بلوچستان چیف سیکرٹری اور کمشنر ژوب ڈویژن سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ہمارے منظور شدہ روڈ کو دوبارہ بحال کر کے اس پر جلد کام شروع کیا جائے ہمارے جائز مطالبہ پر عمل نہ کیا گیا تو ہم سخت احتجاج پر مجبور ہونگے۔

نصیر آباد، این ایچ اے کی غفلت سے ڈیرہ مراد جمالی کی مین قومی شاہراہ خستہ حالی کا شکار

سڑک پر گندا پانی جمع ہونے اور بڑے گڑھے بننے سے ٹریفک کی روانی متاثر، حادثات کا خدشہ، فوری مرمت کا مطالبہ

نصیر آباد (یو این اے) نیشنل ہائی وے اتھارٹی (NHA) کی مبینہ غفلت اور عدم توجہی کے باعث ڈیرہ مراد جمالی سے گزرنے والی مین قومی شاہراہ کے مختلف مقامات پر سڑک شدید ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو چکی ہے، جس کے باعث مسافروں، عام شہریوں اور کاروباری حضرات کو شدید نوعیت کی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ شاہراہ کے دونوں اطراف قائم سیوریج نالوں کے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہونے اور ناقص نکاسی آب کے نظام کے نتیجے میں گندا پانی سڑک پر آ کر جمع ہو جاتا ہے، جو کئی مقامات پر تالاب کا منظر پیش کرتا ہے۔ سڑک پر ہر سو گندا پانی کھڑا ہونے کے باعث جہاں ایک طرف ٹریفک کی روانی شدید

طاقت نہیں مذاکرات ہی ملک کو بحران سے نکال سکتے ہیں

تحریر۔ ذوالفقار علی طارق قادری

پاکستان کی سیاسی تاریخ کے مختلف ادوار میں سیاسی اور مذہبی جماعتوں کی جدوجہد، احتجاج، جلسے جلوس، دھرنے، مذاکرات، گرفتاریوں، مقدمات اور قربانیوں سے بھری پڑی ہے۔ ملک کے قیام سے لے کر آج تک سیاسی و مذہبی جماعتوں کے قائدین اور کارکنان نے مختلف قومی، سیاسی، مذہبی اور عوامی مسائل کے لیے آواز بلند کی۔ کبھی تحفظِ ناموسِ رسالت ﷺ کا مسئلہ سامنے آیا، کبھی مہنگائی کے خلاف احتجاج ہوا، کبھی انتخابات میں دھاندلی کے الزامات لگے اور کبھی دیگر بنیادی مسائل کے حل کے لیے جلسے، جلوس اور دھرنے دیے گئے۔ ملک کی تاریخ میں ایسے بھی ادوار گزرے ہیں جب سیاسی و مذہبی جماعتوں کے قائدین کو عقوبت خانوں میں ڈالا گیا، کچھ کو پھانسی پر چڑھایا گیا، کچھ کو سزاؤں کا سامنا کرنا پڑا، کسی جماعت نے ڈائیلاگ کر کے بیرونِ ملک جانے کا راستہ اختیار کیا، کسی نے خاموشی اختیار کی، کسی نے سپریم کورٹ پر حملہ کیا اور کسی نے پارلیمنٹ، ٹی وی اسٹیشن اور ریڈیو اسٹیشن پر حملے کیے۔ بعض اوقات قائدین کی رہائی کے لیے ملک کے امن کو داؤ پر لگایا گیا اور سول نافرمانیاں شروع کی گئیں۔ یہ پاکستان کی تاریخ کے مختلف ابواب ہیں جنہیں نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ تاہم آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ماضی کے واقعات سے سبق حاصل کرتے ہوئے مستقبل کے لیے ایسا راستہ اختیار کیا جائے جس میں اختلافِ رائے بھی ہو، احتجاج کا حق بھی ہو، مگر ملک کا امن اور قومی مفاد بھی مقدم رہے۔

میں آج تحریک لبیک پاکستان کے حوالے سے بھی ایک پہلو ضرور بیان کرنا چاہتا ہوں۔ تحریک لبیک پاکستان نے تحفظِ ناموسِ رسالت ﷺ کے حوالے سے فیض آباد میں دھرنا دیا۔ اس دوران کم و بیش ہزاروں شیل استعمال کیے گئے اور کئی کارکنان شہید ہوئے۔ تحریک لبیک پاکستان کے کارکنان اور قیادت کے حوالے سے یہ بات سامنے آتی رہی کہ ان کے پاس موقع ہونے کے باوجود کسی بھی ملک کی پراپرٹی کو نقصان نہیں پہنچایا گیا۔ ان کا مقصد سادہ یہ تھا کہ ملک میں اسلامی قانون کی پاسداری کی جائے، جو اسلامی قانون ہے اسے کراس نہ کیا جائے 295-C کو ریڈ لائن سمجھا جائے اور اسے بھی کراس نہ کیا جائے۔

ان کا ایک مطالبہ یہ بھی رہا کہ قادیانیت کو پروموٹ نہیں کیا جائے اور جو لوگ اسلام کے خلاف زبان درازی کر رہے ہیں، انہیں لگام دی جائے اور تحفظِ ناموسِ رسالت ﷺ کے معاملے میں قانون اور آئین کی پاسداری کی جائے۔

تحریک لبیک پاکستان کے بانی دنیا فانی سے کوچ کر گئے تو ان کے جنازے میں الجزیرہ ٹی وی کے مطابق ڈیڑھ کروڑ کے لگ بھگ لوگوں نے شرکت کی۔ ان کے جانے کے بعد ان کے بیٹے کو تحریک لبیک پاکستان کا جانشین بنایا گیا تاکہ قائد و بانی کے مشن کو آگے بڑھایا جا سکے۔ ان کے بیٹے نے بھی وہی مہم شروع کی جو تحریک کا مشن اور منشور تھا۔

گزرے ہوئے الیکشن میں تحریک لبیک کے قائدین کے مطابق ملک بھر سے قومی و صوبائی نشستوں پر ان کی کنفرم سیٹیں کم و بیش 70 سے 80 کے درمیان تھیں۔ ملک کے مایہ ناز نیوز چینل پر باقاعدہ ان کی جیت کا واضح الفاظ میں اعلان کیا گیا، لیکن ان کے مطابق رات کے اندھیرے میں ان کی جیت کو ہار میں تبدیل کیا گیا۔ اتنا بڑا ظلم اور دھاندلی ہونے کے باوجود تحریک لبیک پاکستان نے ملک کی صورتحال کو دیکھتے ہوئے کسی بڑے مظاہرے کی جانب جانے کے بجائے یہ کہا کہ ہم آئندہ الیکشن کے لیے بھرپور دوبارہ تیاری کریں گے، لیکن ملکی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے ملک کے لیے کوئی بڑا ایشو نہیں بنائیں گے۔

یہ بھی تحریک لبیک پاکستان کے پرامن احتجاج کے حوالے سے بیان کیا جانے والا ایک پہلو ہے۔ اس سے قبل کراچی سے اسلام آباد تک لانگ مارچ ہوا، جس کے بارے میں یہ مؤقف سامنے آیا کہ وہ پرامن تھا اور ایک مثال قائم کی گئی۔ ایمبولینسوں کو باقاعدہ راستہ دینے کے لیے ریلی کو توڑا جاتا رہا اور ایمبولینسوں کے گزرنے کے لیے راہ ہموار کی جاتی رہی۔

یہ تمام واقعات اپنی جگہ، لیکن اب فلسطین کے حوالے سے بھی ایک اہم باب سامنے آتا ہے۔

فلسطین میں اسرائیل کی جانب سے ظلم و بربریت کا سلسلہ جاری رہا، ظلم ڈھائے گئے اور مسجدِ اقصیٰ تک حالات پہنچ گئے۔ ملک سمیت بیرونِ ممالک مختلف تنظیموں نے فلسطین کے حق میں مظاہرے کیے، حالات کشیدگی کی طرف بڑھتے گئے۔ مقررہ وقت پر تحریک لبیک پاکستان نے لاہور سے لانگ مارچ شروع کیا۔ راستے میں مختلف مقامات پر پرامن لوگوں پر پولیس کی جانب سے مختلف حالات اور کارروائیوں کا سامنا کرنے کا دعویٰ کیا گیا۔ تحریک لبیک کے قائدین اپنے کنٹینر سے بار بار یہ اعلان کرتے رہے کہ ہم پرامن ہیں، ہمارا مقصد صرف فلسطین کے حق میں لانگ مارچ کرنا ہے، ہم کسی حکومت کو گرانے نہیں جا رہے۔ لیکن اس کے باوجود مرید کے میں تحریک لبیک کے لانگ مارچ کو چاروں طرف سے گھیرے میں لے کر جو حالات پیدا ہوئے، وہ انتہائی تشویش ناک تھے۔ قائدین، علماء کرام اور مفتی کرام چیختے رہے کہ ہمیں نہ مارا جائے، ہم اس ملک کے باسی ہیں، ہمارا مقصد کسی کو گرانا نہیں ہے بلکہ فلسطین کے حق میں نکلے ہیں۔ انہوں نے فریاد کی کہ خدا کے لیے ہم پر رحم کیا جائے۔

مرید کے کے واقعات میں جو کچھ ہوا، اس کی تمام تفصیلات اور جو بے حرمتی ہوئی، جو معاملات پیش آئے، انہیں اس کالم میں مکمل طور پر درج کرنا ممکن نہیں۔ تاہم اتنا ضرور کہا جا سکتا ہے کہ چیخ و پکار اور کشیدگی کے باعث مرید کے ایک میدانِ جنگ بن چکا تھا۔

یہاں ایک بات واضح کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ آزادی سے قبل ہی اہل سنت نے قربانیوں کا جو سلسلہ شروع کیا، وہ آج تک جاری ہے۔ اہل سنت نے ملک کی خاطر قربانیاں اور لاشیں اٹھانے کے باوجود ملک کی املاک یا کسی چیز کو نقصان نہیں پہنچایا بلکہ ملکی مفادات کے لیے ہمیشہ خاموشی اختیار کی۔

سانحہ مرید کے کے بعد تحریک لبیک کے قائدین، جید علمائے کرام، سینئر قیادت اور ہزاروں کارکنان لاپتا ہو گئے۔ آج بھی یہ سوال موجود ہے کہ قیادت کہاں ہے، کس حالت میں ہے اور انہیں بے جا کیوں رکھا گیا ہے؟

طاقت ہونے کے باوجود تحریک لبیک پاکستان نے پورے ملک میں کوئی ایسا ردعمل نہیں دیا جس سے حالات مزید خراب ہوں۔ تحریک نے خاموشی اختیار کی، ملکی اداروں کی جانب دیکھتی رہی اور عدالتوں سے رجوع کرتی رہی۔ اب ایک سال ہونے والا ہے، لیکن آج بھی پرامن طریقے سے اداروں اور عدالتوں کی طرف رجوع کیا جا رہا ہے اور یہ شکوہ موجود ہے کہ کہیں سے شنوائی نہیں ہو رہی۔

ظلم کی انتہاء یہاں تک پہنچنے کی بات بھی سامنے آئی کہ گزشتہ دنوں تحریک لبیک کے قائد خادم حسین رضوی رحمۃ اللہ علیہ کی طرح عمامہ باندھنے اور ان کی طرح رنگ کی ٹوپی پہننے پر بھی پنجاب حکومت نے پورے پنجاب میں پابندی عائد کی کہ جو بھی اس طرح عمامہ شریف باندھے، اسے گرفتار کیا جائے۔

عید میلاد النبی ﷺ کے بعد بلوچستان کے امیر مفتی وزیر احمد رضوی کو جھل مگسی میں گرفتار کیا گیا۔ انہیں 20 دن تک لاپتا رکھا گیا اور 20 دن کے بعد حب چوکی کی عدالت میں پیش کیا گیا۔ اس سے قبل کراچی، لاہور اور پورے ملک میں کریک ڈاؤن جاری ہونے کی بات بھی سامنے آتی رہی ہے کہ جو بھی تحریک لبیک کا نعرہ لگائے یا ان کی حمایت کرے، انہیں گرفتار کیا جا رہا ہے۔

میں یہاں حکمرانوں سے عرض کرتا چلوں کہ اہل سنت طبقے نے ہمیشہ ملکی قانون کی پاسداری کی ہے۔ علمائے کرام نے ہمیشہ ملک کی تعمیر و ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ سانحہ نشتر پارک ہو، سانحہ لاہور ہو، سانحہ سیہون شریف ہو یا سانحہ مستونگ، ہزاروں کے حساب سے جید علماء کرام اور عوام اہل سنت کی لاشیں اٹھانے کے باوجود پرامن رہنے کی مثالیں موجود ہیں۔

یہ قربانیاں کسی ایک دن یا ایک واقعے تک محدود نہیں۔ اہل سنت کے علماء اور عوام نے مختلف مواقع پر ملک کے لیے اپنی جانیں قربان کیں اور مشکل ترین حالات میں بھی ملک کے امن کو مقدم رکھا۔

میں یہاں یہ بھی واضح کرتا چلوں کہ اہل سنت اور تحریک لبیک پاکستان نے ہمیشہ دینِ اسلام کے خلاف ہونے والی سازشوں کو بے نقاب کرنے کی کوشش کی ہے۔ اس وقت ایک دوسرا بڑا کام ان لوگوں نے یہ کیا کہ قادیانیت کے خلاف ہمیشہ آواز بلند کی، کیونکہ آئینِ پاکستان کے مطابق قادیانیوں کو غیر مسلم قرار دیا جا چکا ہے۔ ان کے لیے دینِ اسلام کے حوالے سے کوئی نرم گوشہ نہیں رکھا جاتا۔

ان کا موقف ہے کہ ایسے لوگوں کو اعلیٰ عہدوں پر فائز نہ کیا جائے جو آئینِ پاکستان کے مطابق نہیں چل رہے۔ ان کے مطابق جو لوگ آئینِ پاکستان کے مطابق نہیں چل رہے، وہ اسلام اور آئینِ پاکستان کے غدار ہیں، تو پھر یہ سوال بھی اٹھتا ہے کہ ایسے لوگوں کو پروموٹ کیوں کیا جا رہا ہے؟

تاہم ملک کو مزید کشیدگی سے نکالنے کے لیے ضروری ہے کہ انتقامی کارروائیوں کا سلسلہ بند کیا جائے۔ ملک میں ہر طبقے اور ہر جماعت کی سیاسی قوت اور عوامی مینڈیٹ کو تسلیم کیا جائے۔ یہ ملک ہم سب کا ہے۔ پی ٹی آئی ہو، تحریک لبیک پاکستان ہو یا دیگر جتنی بھی جماعتیں ہیں، سب کے لیے مذاکرات کے راستے کھولے جائیں۔

مذاکرات کمزوری نہیں ہوتے۔ اختلاف رکھنے والے فریق کو میز پر لانا ریاستی دانش مندی کا تقاضا ہے۔ اگر ہم آپس میں دست و گریبان رہیں گے تو دشمن قوتوں کو موقع ملے گا اور وہ ملک میں انتشار کی صورتحال پیدا کرنے کی کوشش کریں گی۔

آج اہل سنت انتہائی گھمبیر صورتحال سے دوچار ہے۔ ان کے قائدین ایک سال سے غائب ہیں، انہیں منظر عام پر لایا جائے۔ اہل سنت میں پیدا ہونے والے انتشار کو ختم کیا جائے۔ ملک کی تعمیر و ترقی کے لیے جید علمائے کرام اور لیڈران کو جیلوں میں نہیں بلکہ منظر عام پر لایا جائے تاکہ وہ اپنے کارکنان اور عوام کو مثبت سمت دے سکیں اور ملک کے لیے اپنا کردار ادا کر سکیں۔

جمہوریت میں اختلاف رکھنا جمہوریت کا حسن ہے۔ اختلافِ رائے کو دشمنی میں تبدیل نہیں ہونا چاہیے۔ سب کے مینڈیٹ کو قبول کیا جائے اور زبردستی جگہ لینے والوں کے لیے کوئی گنجائش نہ رکھی جائے۔ عوام جس جماعت کو اپنا مینڈیٹ دیتے ہیں، اسے سیاسی عمل میں اپنا کردار ادا کرنے کا موقع ملنا چاہیے۔

ماضی اور حال کو دیکھتے ہوئے ضرورت اس امر کی ہے کہ تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں کو مذاکرات کا موقع دیا جائے تاکہ وہ عوام، ملک اور اسلام کے لیے اپنا کردار ادا کر سکیں۔ سیاسی اختلاف کو سیاسی میدان تک رکھا جائے اور ریاستی معاملات کو مزید پیچیدہ بنانے کے بجائے بات چیت، قانون اور آئینی راستے اختیار کیے جائیں۔

ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ طاقت کے ذریعے ہر مسئلے کا حل تلاش نہیں کیا جا سکتا۔ طاقت وقتی طور پر خاموشی پیدا کر سکتی ہے، لیکن دلوں کے اختلافات اور سیاسی و سماجی مسائل کو ختم کرنے کے لیے مذاکرات، انصاف اور قانون کی حکمرانی ضروری ہے۔

اگر ہر دفعہ طاقت کے ذریعے سب کام کرنے لگیں گے تو خدانخواستہ اس ملک کی جڑوں کو نقصان پہنچ سکتا ہے اور ملک دشمن عناصر کو فائدہ پہنچ سکتا ہے۔

آج پاکستان کو مزید تقسیم نہیں بلکہ اتحاد کی ضرورت ہے۔ ملک کو مزید محاذ آرائی نہیں بلکہ مذاکرات کی ضرورت ہے۔ عوام کو مزید خوف نہیں بلکہ امن، انصاف اور قانون کی حکمرانی چاہیے۔ حکومت اور تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں کو اپنی اپنی ذمہ داری کا احساس کرنا ہوگا۔



میری حکمرانوں، پالیسی بنانے والوں اور ملک کے تمام ذمہ دار حلقوں سے یہی گزارش ہے وہ سمجھیں سوچیں اور اپنا کردار ادا کریں اللہ کریم ہمارے حکمرانوں کو عقلِ سلیم عطاء فرمائے، اپنے اور پرائے کی پہچان عطاء فرمائے، ملک کے مفاد کو ذاتی، سیاسی اور جماعتی مفادات پر ترجیح دینے کی توفیق عطاء فرمائے اور پاکستان کو ہر قسم کے انتشار، دہشت گردی، بدامنی اور اندرونی و بیرونی سازشوں سے محفوظ فرمائے۔ یہ ملک ہم سب کا ہے۔ اختلاف بھی ہمارا ہے، سیاست بھی ہماری ہے، مذہب بھی ہمارے معاشرے کا حصہ ہے اور مستقبل بھی ہمارا مشترکہ ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ اختلافات کے باوجود ایک دوسرے کو سننے کا حوصلہ پیدا کیا جائے، مذاکرات کے دروازے کھولے جائیں، قانون کی بالادستی قائم کی جائے اور پاکستان کے امن و استحکام کو ہر حال میں مقدم رکھا جائے۔

اللہ کریم پاکستان کو امن، استحکام، ترقی اور خوشحالی عطا فرمائے اور ہمارے حکمرانوں کو ایسے فیصلے کرنے کی توفیق عطاء فرمائے جن سے ملک مضبوط ہو، عوام کو سکون ملے اور آنے والی نسلوں کا مستقبل محفوظ ہو۔ آمین۔

☆☆☆☆

☆☆



منتخب اسکوئر کے کھلاڑیوں کی تربیت اور خدمت پر توجہ دیں گے، چیئرمین ہاکی بی بی

اسکیل کرکٹ پروگرام میں کوئٹہ، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان بھی شامل ہیں، محسن نقوی

لاہور (این این آئی) چیئرمین پی بی ایس نقوی نے اسکیل کرکٹ کوئٹی کی گرکن کی بنیاد قرار دے دیا، بلند و ملکھی ہاؤس اور ایچی سن کالج کی ٹیموں کے درمیان افتتاحی میچ کے چیئرمین پی بی ایس نقوی مہمان خصوصی تھے، چیئرمین پی بی ایس نقوی ملکھی ہاؤس اور ایچی سن کالج کے کھلاڑیوں سے ملے، چیئرمین پی بی ایس نے دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کی، چیئرمین پی بی ایس نے ملکھی ہاؤس اور ایچی سن کالج کی ٹیموں کے لئے خوب خواہشات کا اظہار کیا، چیئرمین پی بی ایس نے کہا کہ رواں سال 100 طلبہ پر مشتمل 1,400 کلبوں کے تقریباً 21000 طلبہ پر مشتمل ہیں، انہوں نے کہا کہ اسکول کرکٹ کو مالی بحران نہیں ہونے دیں گے، انہوں نے کہا کہ اسکول کرکٹ ٹیمنٹ پروگرام کے قسمت رواں سال 2,895 میچز کھیلے جائیں گے، چیئرمین پی بی ایس نے کہا کہ اس سال ہونہار نیوز کی کرکٹ کے فروغ اور نوجوان کرکٹرز کو آگے لانے کے لئے خدمات سرانجام دے رہا ہے، محسن نقوی نے کہا کہ اسکول کرکٹ پروگرام میں کوئٹہ، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان بھی شامل ہیں، پی بی ایس کی ایکیڈمی میں تقریباً 25 بچے پروگرام کا حصہ ہیں، انہوں نے کہا کہ اسکول کی بنیاد 1400 سے بڑھا کر 2000 کرنے جا رہے ہیں، ہمارا ہدف 2000 اسکول کرکٹ کی 3000 سے 15000 اسکولز تک پہنچانا ہے، چیئرمین پی بی ایس نے کہا کہ پاکستان میں ہر ڈسٹرکٹ میں کرکٹ کی ایکیڈمی ہے، ہر اسکول کرکٹ کی کوچنگ سے دور دراز علاقوں کے بچے تقریباً 70 گلوز دیوار بورڈ کے پاس آچکے ہیں، ہمارا مقابلہ کسی ملک سے نہیں ہے، ہمارا مقابلہ منشیات سے ہے، ہم چاہتے ہیں کہ اسکول کرکٹ کی کامیابی پی بی ایس اور صوبائی حکومتوں کی مشترکہ کوشش سے ممکن ہو۔

جاپان میں 20 ویں ایشین سمیسٹر گیمز کا آغاز، پاکستانی دستے کی پرچم کشائی کریں گے

ناگویا (این این آئی) جاپان میں 20 ویں ایشین سمیسٹر گیمز کی افتتاحی تقریب کا آغاز ہوگیا ہے، میڈیا رپورٹ کے مطابق ایشین سمیسٹر گیمز میں 45 ملکوں کے 10 ہزار 840 کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں، جاپان میں 43 کھیلوں کے مقابلے ہوں گے، پاکستان کی 43 رکنی ٹیم کے مقابلے 6 کھیلوں ہاکی، کبڈی، ایتھلیٹکس، ویٹ لفٹنگ، ٹیبل ٹینس اور ووشو میں ہوں گے، پاکستانی دستے کی پرچم کشائی ایتھلیٹ ارشد ندیم کریں گے، ارشد ندیم پیرس اولمپکس 2024 کے گولڈ میڈلسٹ ہیں، پاکستانی دستے کی قیادت ہاکی کے سابق کپتان شکیل عباسی کریں گے، پاکستان کی 43 رکنی ٹیم کے چیف آف مشن اولمپین شہباز احمد ہیں، پاکستانی دستے میں 20 کھلاڑی اور 23 آفیشلز شامل ہیں، پاکستان نے ایشین سمیسٹر گیمز میں 2 گولڈ، 2 سلور اور 3 برونز میڈلز جیتے تھے، ایشین سمیسٹر گیمز کا آخری ایڈیشن 2022 میں چین کے شہر ہانگزو میں ہوا تھا۔

آئی سی سی کا اگست کے پلیئر آف دی منتھ ایوارڈز کے فاتحین کا اعلان

دبئی (آئی این پی) آئی سی سی نے اگست کے پلیئر آف دی منتھ ایوارڈز کے فاتحین کا اعلان کردیا، مرد کرکٹ کے بیسٹ مونتھ ایوارڈ ویسٹ انڈیز کے بیٹر شوائی ہوپ نے جیت لیا، انہوں نے بھارت کے خلاف سیریز میں 3 سنچریاں اسکور کیں اور ٹیسٹ کپتان کی حیثیت سے پہلی سیریز جیتی، ہوپ نے 3 میچز میں مجموعی طور پر 304 رنز بنائے، ہوپ کے ساتھ بھارت کے یشسوی جیسوال اور بنگلہ دیش کے نجم حسین شانتو بھی نامزد تھے، ویمنز پلیئر آف دی منتھ کا ایوارڈ آئرلینڈ کی کپتان لورا ولوارڈ نے جیت لیا، وہ آئی سی سی پلیئر آف دی منتھ ایوارڈ جیتنے والی آئرش آف سپن کی پہلی کھلاڑی بن گئیں، ویمنز ایوارڈ کے لیے انگلینڈ کی کیٹی لیز کا بھی پلڑا بھاری تھا اور بنایٹ کوچھا کھلاڑی بھی نامزد تھیں۔

پاکستانی کرکٹر محمد عرفان نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ میں ریکارڈ بنانے کے قریب

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کرکٹ کے سابق اوپنر محمد شہزاد نے کہا ہے کہ قومی ٹیم کے کئی اسٹار کرکٹرز اپنی مرضی سے کھیل رہے ہیں، کنٹریکٹس نہ ملنے پر کئی کھلاڑی ریٹائرمنٹ واپس لے رہے ہیں، محمد شہزاد نے ڈومیسٹک کرکٹ کھیلنے کے لیے ڈومیسٹک کرکٹ کے بجائے کلب کرکٹ کھیلنے کا فیصلہ کیا ہے، انہوں نے کہا کہ کرکٹرز اپنی مرضی سے نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ میں حصہ لے رہے ہیں، ہمارے دور میں ڈومیسٹک کرکٹ کھیلنا لازمی تھا، ہم ڈومیسٹک کرکٹ کھیل کر ہی قومی ٹیم تک پہنچے تھے، انہوں نے کہا کہ ڈومیسٹک کرکٹ کھیلنے سے کھلاڑی کو بہت کچھ سیکھنے کو ملتا ہے، ڈومیسٹک کرکٹ کھیلنے سے کھلاڑی کو بہت کچھ سیکھنے کو ملتا ہے، ڈومیسٹک کرکٹ کھیلنے سے کھلاڑی کو بہت کچھ سیکھنے کو ملتا ہے، ڈومیسٹک کرکٹ کھیلنے سے کھلاڑی کو بہت کچھ سیکھنے کو ملتا ہے، محمد عرفان نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ میں ریکارڈ بنانے کے قریب ہیں، محمد عرفان نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ میں 2 میچز میں 9 وکٹیں حاصل کرچکے ہیں، محمد عرفان کو 10 وکٹیں لینے کے لیے صرف ایک وکٹ درکار ہے، محمد عرفان نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ میں 10 وکٹیں لینے والے پہلے بولر بن جائیں گے، محمد عرفان نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ میں 10 وکٹیں لینے والے پہلے بولر بن جائیں گے، محمد عرفان نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ میں 10 وکٹیں لینے والے پہلے بولر بن جائیں گے۔

کرمانیوالز رائٹر نے فائنل ڈھال میں بھرپور نمائندگی نہ کرنے پر کپتان کو خوب تنقید کا نشانہ بنا لیا

کرمانیوالز رائٹر نے فائنل ڈھال میں بھرپور نمائندگی نہ کرنے پر کپتان کو خوب تنقید کا نشانہ بنا لیا،



اقوام متحدہ کی حوثیوں کے حملوں کی شدید مذمت

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے سعودی عرب پر حوثیوں کے حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے حوثیوں سے اشتعال انگیز فوجی کارروائیاں فوری طور پر بند کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ سلامتی کونسل کے ارکان نے سعودی عرب سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے بین الاقوامی قانون کے تحت اس کے حق دفاع کی بھی توثیق کی ہے۔ دوسری جانب ایران کا کہنا ہے کہ اسلام آباد مفاہمتی معاہدے کی طرف واپسی اور موجودہ بحران کے حل کے لیے سفارتی کوششیں اور بین الاقوامی بات چیت وزارت داخلہ کے ترجمان علی زیدی وفد کے مطابق ایران چاہتا ہے کہ امریکا بھی معاہدے کی پاسداری کرتے ہوئے اپنے وعدے پورے کرے۔ ادھر نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ٹیلی فونک رابطہ کیا، جس میں خطے کی نازک صورت حال اور بڑھتی ہوئی کشیدگی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاکستان نے بھی باب المندب میں حوثیوں کی جانب سے تجارتی جہازوں اور ان کے عملے پر حملوں کی مذمت کرتے ہوئے انہیں فوری طور پر بند کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ ایران پر امریکا اور اسرائیل کے حملوں نے مشرق وسطیٰ کی صورت حال کو پہلے ہی انتہائی تشویش ناک بنا دیا تھا، جس کے اثرات عالمی معیشت پر بھی مرتب ہوئے اور ان میں مسلسل اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ اب سعودی عرب پر حوثیوں کے حملوں نے اس تشویش میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ بحیرہ احمر اور باب المندب جیسے اہم بحری راستوں میں عدم تحفظ نہ صرف ملاقاتی تجارت بلکہ عالمی سپلائی چین، تو لانی کی قیمتوں اور بین الاقوامی معیشت کے لیے بھی نئے خطرات پیدا کر سکتا ہے۔ اقوام متحدہ کی جانب سے سعودی عرب پر حوثیوں کے حملوں کی مذمت اور انہیں فوری طور پر بند کرنے کا مطالبہ ایک اہم سفارتی اقدام ہے، تاہم سوال یہ ہے کہ کیا محض مذمتی بیانات اور قرار دادیں زمینی صورت حال تبدیل کرنے کے لیے کافی ہوں گی؟ ایک اہم سوال یہ بھی ہے کہ حوثیوں کی عسکری صلاحیت میں ہونے والے اضافے کی نوعیت کیا ہے، انہیں جدید اور مہلک ہتھیار اور ٹیکنالوجی کہاں سے حاصل ہو رہی ہے، اور ان صلاحیتوں کے پیچھے کون سے عوامل کارفرما ہیں؟ ایران کی جانب سے سعودی عرب پر حوثیوں کے حملوں میں ساتھ نہ دینے کا موقف اپنی جگہ موجود ہے، تاہم اس پورے معاملے کو سمجھنے کے لیے ہتھیاروں کی فراہمی، تکنیکی معاونت اور علاقائی عسکری نیٹ ورکس سے متعلق شواہد اور بین الاقوامی تحقیقات کو بھی سامنے رکھنا ضروری ہے۔ اس صورت حال میں اسلام آباد مفاہمتی یا دوا شت امریکا اور ایران کے درمیان کشیدگی کم کرنے کے لیے ایک اہم سفارتی راستہ بن سکتی ہے۔ اگر فریقین خلوص نیت کے ساتھ اس مفاہمت کی طرف واپس آتے ہیں، ایک دوسرے کے تحفظات کو مذاکرات کے ذریعے دور کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور اپنے وعدوں پر عمل درآمد کو یقینی بناتے ہیں تو نہ صرف امریکا اور ایران کے درمیان کشیدگی کم ہو سکتی ہے بلکہ پورے خطے میں امن واستحکام کی راہ بھی ہموار ہو سکتی ہے۔

بھارت کا سفارتی محاصرہ

محمد نعیم قریشی

بین الاقوامی سیاست میں کسی ملک کی کامیابی کا پیمانہ یہ نہیں ہوتا کہ اس کے وزیر اعظم نے کتنے عالمی دورے کیے، کتنے سربراہی اجلاسوں کی میزبانی کی یا عالمی رہنماؤں کے ساتھ کتنی تصاویر بنوائیں۔ اصل کامیابی یہ ہے کہ ایک ریاست اپنے قومی مفادات کے لیے عالمی فیصلوں، اداروں اور طاقت کے مراکز پر کتنا اثر ڈال سکی ہے۔ اسی پیمانے پر بھارت کی حالیہ سفارت کاری بالخصوص برکس کے تناظر میں کئی اہم سوالات کو جنم دیتی ہے۔

ستمبر 2026 میں نئی دہلی میں منعقد ہونے والا اٹھارہواں برکس سربراہی اجلاس بلاشبہ بھارت کے لیے ایک اہم سفارتی موقع تھا۔ گیارہ رکنی برکس آج دنیا کی تقریباً نصف آبادی اور عالمی معیشت کے ایک بڑے حصے کی نمائندگی کرتا ہے۔ اجلاس کی میزبانی بھارت کے پاس تھی مگر عالمی سفارت کاری میں میزبانی اور قیادت دو مختلف چیزیں ہیں۔ اصل سوال یہ ہے کہ برکس کے معاشی اور سیاسی رخ کے تعین میں نئی دہلی کا وزن کتنا ہے اور بیجنگ کا کتنا؟ یہاں بھارت کے لیے سب سے بڑا امتحان بیجنگ ہے۔ نئی دہلی ایک طرف چین کو ایشیا میں اپنا سب سے بڑا اسٹریٹجک حریف سمجھتا ہے، دوسری طرف اسی چین کے ساتھ برکس کو عالمی طاقت کا ایک متوازن مرکز بنانے کا خواہش مند بھی ہے۔ چین کی معیشت، سرمایہ کاری، تجارت اور ترقی پذیر ممالک میں معاشی موجودگی اسے برکس کے اندر غیر معمولی وزن دیتی ہے۔ بھارت میزبان ہو سکتا ہے، مگر محض میزبانی کی یا عالمی رہنماؤں کے ساتھ گفتی تصاویر بنوا لینے سے

عوامی اشتہارات

Himmat Classfied

اطلاع گمشدگی/چوری بجلی میٹر

میرا بجلی کا میٹر بنام نثار احمد قریشی ولد سراج الدین بلاک نمبر 3 سیٹلائٹ ٹاؤن کوئٹہ میٹر نمبر S-P38271 چوری یا گم ہوگیا ہے جس کسی کو معلومات ہوں فون نمبر03138435092 پر اطلاع کریں۔

الشتہر: نثار احمد قریشی ولد سراج الدین

بقیہ 1

